صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
CPNE MEMBER

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر
امروز
www.dailyimroze.com

جلد: 19 | پیر، 29 جون 2026ء 13 محرم الحرام 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 175

عالمی پذیرائی دشمن کو ہضم نہیں ہو رہی: بلاول بھٹو

کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر ہونے والے بزدلانہ حملے کی بلاول بھٹو زرداری نے شدید مذمت کی اور کہا کہ یہ پاکستان کی سلامتی کے خلاف منظم سازش ہے

دشمن سفارتی کامیابی ہضم نہیں کر پا رہا پاکستان عالمی سطح پر تاریخی پذیرائی حاصل کر رہا ہے اور قوم متحد ہے وطن کی حفاظت کیلئے پرعزم ہے

کراچی (نیوز ڈیسک) چیئرمین پیپلز پارٹی نے کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح کے سفارتی محاذ پر پاکستان کی تاریخی پذیرائی دشمن سے ہضم نہیں ہو رہی۔ کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر بزدلانہ حملہ کی مذمت کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے حملہ آور دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اور فائرنگ کے تبادلے میں 3 اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس کیا۔ ترجمان بلاول ہاؤس کے مطابق چیئرمین پیپلز پارٹی نے شہید اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا اور شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ بلاول بھٹو نے اپنے بیان میں کہا کہ بزدلانہ فعل سے واضح ہوا کہ عالمی سطح کے سفارتی محاذ پر پاکستان کی تار (بقیہ نمبر 1)

اتحاد کی طاقت سے امن دشمنوں کو شکست دیں گے

بلوچستان میں امن، عوامی خدمت اور دہشت گردی کے خاتمے کا عزم دہرایا گیا

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے صدر چودھری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ اتحاد کی قوت سے امن کے دشمنوں کو شکست دیں گے اور ملک کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔ نجی ٹی وی چینل دنیا نیوز کے مطابق پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری شجاعت حسین سے مسلم لیگ ق (بقیہ نمبر 3)

حکومتی نرخ مقرر ہونے کے باوجود پنجاب میں ایل پی جی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ

لاہور (نیوز ڈیسک) حکومت کی جانب سے قیمت مقرر کرنے کے باوجود لاہور سمیت پنجاب بھر میں ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ نجی ٹی وی (بقیہ نمبر 2)

کراچی حملہ ناکام، مشترکہ کارروائی میں تمام دہشت گرد ہلاک

شدید فائرنگ، دھماکے کے بعد پولیس، رینجرز کی کارروائی، اہلکار شہید اور زخمی

کراچی (نیوز ڈیسک) یونیورسٹی روڈ پر سیکیورٹی ادارے کے دفتر پر حملہ ناکام ہو گیا پولیس اور رینجرز کی مشترکہ کارروائی میں تمام دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ ویڈیو پلیئر 37:0106:00 اے آر وائی نیوز کے مطابق کراچی کے علاقے یونیورسٹی روڈ موسمیات چورنگی کے قریب شدید (بقیہ نمبر 4)

غیر قانونی یورپ سفر اب تقریباً ناممکن، شہری خبردار

جدید ٹیکنالوجی، سخت نگرانی اور اسمگلروں سے بچنے کی اہم وارننگ جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ غیر قانونی طریقے سے یورپ جانے کے خواب انتہائی خطرناک ہے، بلکہ اب اس طرح جانا ممکن ہی نہیں رہا۔ غیر قانونی ذرائع سے یورپ جانے کی کوشش نہ صرف جان و مال کے (بقیہ نمبر 5)

ایران سے پابندیاں ختم ہوتے ہی تیل خریدیں گے

رانا تنویر حسین کی مریدکے میں میڈیا سے گفتگو، معاشی بہتری اور علاقائی صورتحال پر روشنی

مریدکے (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ایران پر پابندیاں ختم ہوتے ہی تیل خریدنے پر غور کریں گے۔ نجی ٹی وی چینل ''دنیا نیوز'' کے مطابق مریدکے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر حسین کا کہنا تھا کہ جنگ کے خاتمے (بقیہ نمبر 6)

رینجرز کیمپ حملہ ناکام، تین دہشت گرد ہلاک، ایک گرفتار

تین جوان شہید، چار زخمی، جوابی کارروائیاں جاری رہیں گی: آئی ایس پی آر

کراچی (نیوز ڈیسک) آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ یونیورسٹی روڈ پر واقع رینجرز کیمپ پر حملہ کرنے والے دہشت گردوں کا تعلق جماعت الاحرار سے ہے، جو ایک بھارتی (بقیہ نمبر 7)

جیو نیوز نشریات معطلی پر پیمرا کا قانونی نوٹس، عطا تارڑ کا ردعمل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے جیو نیوز کی نشریات معطل کئے جانے پر کہا ہے کہ پیمرا نے قانون کے مطابق بروقت نوٹس جاری کیا ہے، جس کے تحت آگے قانونی (بقیہ نمبر 10)

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ایرانی حکام کو سخت ترین دھمکی، حملوں کی تصدیق

تہران (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایرانی حکام کو دھمکی دی ہے اگر انہوں نے سبق نہ سیکھا تو اسلامی جمہوریہ ایران کا وجود باقی نہیں رہے گا۔ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر امریکی صدر ڈونلڈ (بقیہ نمبر 11)

مستونگ فائرنگ، کوئٹہ سے واپسی پر کراچی کا تاجر جاں بحق

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی سے اپنے خاندان کے ہمراہ کوئٹہ کی سیر کر کے واپس جانے والا نوجوان مستونگ کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ کی بھینٹ چڑھ گیا۔ روزنامہ جنگ کے مطابق فائرنگ سے نوجوان کی (بقیہ نمبر 12)

کے پی میں امن و امان ہو گا تو معیشت میں بہتری آئیگی: فیصل کنڈی

نظریاتی نوجوانوں کو ٹکٹ ملنے پر مخلص کارکنوں کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو آ گئے، اب نیا انقلاب آئے گا۔

روایتی سیاستدانوں کا غرور خاک میں مل گیا، تحریک انصاف کے سچے وفاداروں نے جیت کا عزم دہرایا ہے

چارسدہ (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوگی تو اس کے مثبت اثرات معیشت پر بھی مرتب ہوں گے اور معاشی سرگرمیوں میں واضح بہتری آئے گی۔ چارسدہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گندم اور سی این جی کے معاملات پر وہ صوبائی حکومت کے ساتھ کھڑے ہیں اور خیبر پختونخوا کے تمام مسائل کے حل کے لیے ہر قسم کے تعاون کے لیے تیار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی مشکلات کم کرنا حکومتوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے تمام اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ فیلڈ مارشل اور وفاقی حکومت نے ایران امریکا تنازع کے حل میں اہم کردار ادا کیا ہے، جس کے باعث خطے میں کشیدگی کم کرنے میں مدد ملی (بقیہ نمبر 9)

قوم شہداء کی عظیم قربانیاں کبھی نہیں بھولے گی: صدر، وزیراعظم

بیرونی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، سیکیورٹی فورسز کی بہادری پر فخر ہے اور شہداء کی لازوال قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ملک سے اس ناسور کے مکمل خاتمے تک ہماری مشترکہ جدوجہد پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رہے گی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان رینجرز کے جوانوں نے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا کر ایک بار پھر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت، بہادری اور فرض شناسی کا مظاہرہ کیا۔ نجی ٹی وی چینل دنیا نیوز کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے کراچی میں پاکستان رینجرز (سندھ) کے کیمپ پر بھارتی پراکسی جماعت الاحرار کے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کی اور جام شہادت نوش کرنے والے پاکستان رینجرز کے تین جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم اپنے بہادر سپاہیوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم دہشت گردی کے خلاف اپنی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے (بقیہ نمبر 8)

کراچی رینجرز کیمپ پر حملہ، یوسف رضا گیلانی کی مذمت

دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائی ناقابلِ برداشت ہے، قوم کا عزم مضبوط ہے

شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت، زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کراچی میں رینجرز کے کیمپ آفس پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ اور قابلِ نفرت کارروائی قرار دیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری اپنے بیان میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر مذموم کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔ ہماری سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خاتمے (بقیہ نمبر 27)

ایران سے ستا تیل، گیس خریدنے پر بڑی پیشرفت

ایرانی حکام سے بات ہوگی، کم قیمت پر خریداری پر غور جاری: وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان ایران سے ستا تیل اور گیس کی خریداری کب شروع کرے گا اس حوالے سے وفاقی وزیر پٹرولیم نے خوشخبری سنا دی۔ علی پرویز ملک نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے قیمتوں کو گرایا، اور بین الاقوامی منڈی کی قیمت (بقیہ نمبر 13)

پٹرول پر عوام کو توقعات سے بڑھ کر ریلیف ملا

عالمی قیمتوں میں کمی کا مکمل فائدہ عوام تک فوری پہنچایا گیا: وفاقی وزیر

لاہور (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا ہے کہ پچھلے ہفتے پیٹرول کی قیمت جتنی قیمت کم ہوئی اس سے بڑھ کر ریلیف دیا گیا۔ نجی ٹی وی چینل جیو نیوز کے مطابق لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ اللہ کے فضل سے محرم الحرام کا پہلا عشر (بقیہ نمبر 14)

وزیراعلیٰ فنڈ میں 780 فیصد حیران کن اضافہ منظور

نئے بجٹ میں صوابدیدی فنڈ چار ارب چالیس کروڑ روپے مختص کر دیے گئے

پشاور (نیوز ڈیسک) خیبر پختونخوا کے اگلے مالی سال کے بجٹ میں وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے صوابدیدی فنڈ میں غیر معمولی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق خیبر پختونخوا صوبے کے اگلے مالی سال 27- (بقیہ نمبر 15)

اسحاق ڈار اور بحرینی وزیر خارجہ کا ٹیلیفونک رابطہ

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بحرین کے وزیر خارجہ عبداللطیف بن راشد الزیانی سے ٹیلیفونک گفتگو ہوئی تفصیلی تبادلہ ہوا

بحرین کے وزیر خارجہ نے اسلام آباد ایم او یو پر دستخط کی مبارکباد دیتے ہوئے پاکستان کے کردار کو سراہا ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی سے ٹیلیفونک گفتگو ہوئی جس میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے بعد کی علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نجی ٹی وی چینل ''دنیا نیوز'' کے مطابق بحرین کے وزیر خارجہ نے اسلام آباد ایم او یو پر دستخط کی مبارکباد دیتے ہوئے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا، ڈاکٹر الزیانی نے امید ظاہر کی کہ اسلام آباد ایم او یو خطے میں دیرپا امن اور استحکام (بقیہ نمبر 28)

ایرانی حملوں کے باوجود امریکی فوج محفوظ، بڑا دعویٰ سامنے آگیا

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) ایک امریکی عہدیدار نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کی جانب سے بحرین اور کویت میں امریکی تنصیبات پر کیے گئے حملوں کے بعد اب تک کسی امریکی فوجی یا اہلکار کے جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق نام (بقیہ نمبر 29)

امریکا نے ایران پر فضائی حملوں کی ویڈیو جاری کر دی، بڑا دعویٰ

تہران (نیوز ڈیسک) امریکا نے آبنائے ہرمز کے قریب ایران میں کیے گئے فضائی حملوں کی ویڈیو جاری کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ کارروائی کے دوران ایرانی فوج سے متعلق 10 اہم فوجی انفراسٹرکچر کو نشانہ بنایا گیا۔ امریکی حکام کے مطابق یہ کارروائی آبنائے ہرمز (بقیہ نمبر 30)

ناتھا خان پل قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر، راہگیر جاں بحق

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد کے علاقے ناتھا خان پل کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے ایک راہگیر جاں بحق ہو گیا۔ چھیپا ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش ایمبولینس کے ذریعے جناح پو (بقیہ نمبر 31)

ایران کی امریکا کو سخت وارننگ، سنگین نتائج کی دھمکی

پاسدارانِ انقلاب: خطے کے امریکی اڈے آئندہ دنوں سخت جواب کا سامنا کریں گے

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کی پاسدارانِ انقلاب کی بحریہ نے امریکا کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران سخت بیان جاری کرتے ہوئے خطے میں موجود امریکی فوجی اڈوں کو سنگین نتائج سے خبردار کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق آئی آر جی سی بحریہ کے کمانڈ نے اپنے (بقیہ نمبر 16)

ایم کیو ایم کا صدر زرداری کے استعفے کا مطالبہ

سندھ اسمبلی میں پیپلز پارٹی پر شدید تنقید، وزارتیں چھوڑنے کی بھی پیشکش

کراچی (نیوز ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان نے صدر پاکستان آصف علی زرداری اور پی پی کی اعلیٰ قیادت کے استعفوں کا مطالبہ کر دیا ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق سندھ اسمبلی اجلاس میں اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی نے حکمراں (بقیہ نمبر 17)

کراچی میں واٹر ٹینکروں کیلئے بارکوڈ سسٹم متعارف کرا دیا

بارکوڈ اسکین کر کے ٹینکر کی قانونی حیثیت اور مکمل تفصیلات فوری معلوم ہوں گی

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں چلنے والے تمام رجسٹرڈ واٹر ٹینکرز پر بارکوڈ سسٹم متعارف کروایا گیا ہے۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے ایک ویڈیو پیغام میں بتایا کہ پانی فراہم کرنے والا کون سا ٹینکر قانونی اور کون سا غیر قانونی ہے، یہ اب بارکوڈ کو اسکین کر کے فوری معلوم کیا جا (بقیہ نمبر 18)

سمن آباد فائرنگ ایک شخص جاں بحق

جھگڑے پر فائرنگ سے ایک ہلاک دوسرا شدید زخمی پولیس کارروائی

لاہور (نیوز ڈیسک) سمن آباد میں معمولی جھگڑے پر ہونے والی اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ دوسرا شدید زخمی ہو گیا، پولیس نے مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سمن آباد مسلم روڈ کے رہائشی خواجہ مجاہد مظفر بٹ نے پولیس کو دیے گئے بیان میں موقف اختیار کیا کہ گزشتہ رات ان کے بھائی زاہد (بقیہ نمبر 19)

بلوچستان میں ای کامرس روزگار منصوبہ کا آغاز

خاران میں ڈیجیٹل سینٹر قائم نوجوانوں کو تربیت و روزگار مواقع

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان سوشیو اکنامک ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع سامنے آنے لگے۔ خاران رائفلز ڈیجیٹل اسکلز کاوش کے تحت بلوچستان کے علاقہ خاران میں ای کامرس آئی ٹی سینٹر قائم کر دیا گیا۔ خاران ای کامرس آئی ٹی سینٹر میں (بقیہ نمبر 20)

ایران کا جوابی وار، بحرین کویت میں امریکی اہداف پر میزائل حملے

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کی پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ اس نے امریکی کارروائیوں کے جواب میں بحرین اور کویت میں امریکی فوجی اہداف کو میزائل اور ڈرون حملوں کا نشانہ بنایا جبکہ بحرین، کویت اور عراق میں حملے کے پیش نظر غیر معمولی سکیورٹی اقدامات کیے جا رہے (بقیہ نمبر 26)

کراچی میں تیز رفتار سوزوکی الٹ گئی، چھ افراد زخمی

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد کے علاقے ماڑی پور تھانے کی حدود میں واقع ماڑی پور گیٹ نمبر 6 کے قریب ایک سوزوکی گاڑی الٹنے کے نتیجے میں 6 افراد زخمی ہو گئے۔ ایدھی حکام کے مطابق زخمیوں میں 15 سالہ مدثر ولد گل بات، 10 سالہ عمر ولد مدام، 9 سالہ محمد حا (بقیہ نمبر 25)

ٹرمپ کی ایران کو سنگین دھمکی، مزید حملوں اور تباہی کا انتباہ

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر سخت ترین لہجہ اختیار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر حالات نہ بدلے تو واشنگٹن اپنی فوجی کارروائیاں مزید وسیع کر سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسا وقت بھی آ سکتا ہے جب امریکا کے لیے مزید تحمل ممکن نہ (بقیہ نمبر 24)

معاشی اصلاحات قرضوں کا بوجھ کم، زرمبادلہ ذخائر بہتر ہوئے: مشیر وزیر خزانہ

حکومتی اصلاحات نے مالی نظم وضبط کو بہتر بنایا جس سے معیشت میں پائیدار استحکام اور سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا

نئی پالیسیوں کے نفاذ سے سرکاری اخراجات میں کمی آئی اور مالیاتی شفافیت میں نمایاں بہتری کے ساتھ اعتماد بحال ہوا ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان کا قرض برائے جی ڈی پی تناسب پہلے تقریباً 76 فیصد تھا، اب کم ہو کر 68 فیصد رہ گیا قرضوں کی واپسی میں مثبت پیشرفت اور ذخائر میں اضافہ دیرپا معاشی پالیسیوں کا نتیجہ ہے، خرم شہزاد اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی حکومت نے کہا ہے کہ حالیہ معاشی اصلاحات کے نتیجے میں قومی خزانے پر قرضوں کا دباؤ نسبتاً کم ہوا ہے، مالی نظم وضبط بہتر ہوا ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر میں بھی نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، ان اقدامات سے قرضوں کی واپسی کے خطرات میں کمی اور مالی استحکام کو تقویت ملی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے تازہ ترین اعداد و (بقیہ نمبر 23)

لبنان سے اسرائیلی انخلا امریکہ کی ذمہ داری

ایرانی وزیر خارجہ کی خلیجی ممالک کو مشترکہ سکیورٹی فریم ورک قائم کرنے کی اپیل

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ لبنان سے اسرائیل کا انخلا اور حملے روکنا مفاہمتی یادداشت کے تحت امریکہ کی ذمہ داری ہے۔ نجی ٹی وی چینل دنیا نیوز کے مطابق ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکی حملوں کے جواب میں مشرق وسطیٰ میں امریکی اڈوں پر ایرانی حملوں کے بعد خلیجی ممالک کے ساتھ ایک مشترکہ سکیورٹی فریم ورک قائم کرنے کی اپیل کی ہے۔ عراق میں عراقی وزیر خارجہ فواد حسین کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کر (بقیہ نمبر 21)

ایران پر پابندیاں ختم ہوتے ہی پاکستان تیل خریدنے پر غور کرے گا، رانا تنویر

مریدکے (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ایران پر پابندیاں ختم ہوتے ہی تیل خریدنے پر غور کریں گے۔ نجی ٹی وی چینل ''دنیا نیوز'' کے مطابق مریدکے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر حسین کا کہنا (بقیہ نمبر 22)

ایران امریکا جنگ میں پاکستان کا کردار ہمیشہ یاد رکھا جائیگا: خواجہ آصف

یہ کردار تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور خطے میں پاکستان کی سفارتی کوششیں نمایاں رہیں اور امن قائم ہوا

وزیر دفاع نے لبنان اور فلسطین کے مظلوموں کے لیے دعا کی اور کہا کہ اسرائیلی ظلم سے نجات ملے گی انشاءاللہ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان نے ایران جنگ میں جو کردار ادا کیا وہ قیامت تک یاد رکھا جائے گا۔ سیالکوٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ یوم عاشور ایک ایسے موقع پر آیا ہے جب خطے میں ایک جنگ چھڑی ہوئی تھی، ایرانیوں نے سنت حسین اور کربلا کے شہدا کی یاد تازہ کر دی ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پاکستان نے اس جنگ میں جو کردار ادا کیا وہ بھی قیامت تک یاد کیا جائے گا، پاکستان نے صلح کروائی اور ساری امت کے سامنے سرخرو ہوا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ لبنان کے لوگ اسرائیل کے ظلم وستم سے نجات پائیں گے اور دعا ہے کہ جہاں جہاں مسلمانوں پر ظلم ہو رہا ہے اللہ انہیں آزادی نصیب فرمائے۔

کراچی حملہ ناکام، تین دہشت گرد ہلاک، افغان شہری گرفتار

کراچی (نیوز ڈیسک) بھارتی پراکسی جماعت الاحرار کے دہشت گردوں نے کراچی میں پاکستان رینجرز (سندھ) کے کیمپ پر حملہ کیا، رینجرز کے چوکس جوانوں کے فوری جواب سے خوارج کے مذموم عزائم ناکام بنا دیے گئے جبکہ تین خوارج ہلاک اور ایک زخمی حا (بقیہ نمبر 33)

فنکاروں کی مسلم لیگ ن میں شمولیت اعلان

پشاور میں ملاقات متعدد پشتو فنکاروں نے پارٹی جوائن کر لی

پشاور (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام سے ان کی رہائش گاہ، کینٹ پشاور میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کلچر ونگ خیبر پختونخوا کی صوبائی صدر سعیدہ خان کی قیادت میں فنکاروں کے (بقیہ نمبر 32)

کشمیر احتجاج بات چیت پاکستان کے فریم ورک میں رہتے ہی ہوگی: حافظ نعیم

ملاقات میں ملک بھر کی صورتحال زیر بحث آئی اور جماعت اسلامی نے ثالثی کی پیشکش کی جس پر مشاورت جاری رہی

محمود خان اچکزئی نے کہا پاکستان کا آئین احتجاج کی اجازت دیتا جبکہ مصطفیٰ نواز کھوکھر نے صورتحال پر تشویش ظاہر کی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی سے ملاقات کے بعد کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی صورت حال پر تشویش ہے، امن کو موقع نہیں دیا گیا تو ایسی دراڑ پیدا ہوگی جس کو بھرنا ممکن نہیں ہوگا جبکہ بات چیت پاکستان کے فریم ورک میں رہتے ہوئے ہی ہوگی۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے اسلام آباد میں قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ آزاد کشمیر کی صورت حال پر ہر پاکستانی تشویش میں ہے، امن کو موقع نہیں دیا گیا والی دراڑ پیدا ہوگی جس کو بھرنا ممکن نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ملاقات میں ملک بھر کی صورت حال زیر بحث آئی ہے اور جماعت اسلامی نے ثالثی کی پیش کش کی ہے، ثالثی اسی وقت ممکن تھی جب دونوں فریقین ثالثی پر اتفاق کریں۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ملک اور کشمیر کاز کے لیے لازم تھا کہ ہم کام کریں، حکومت کی طرف سے وہ اقدامات نہیں کیے گئے جس کے مثبت اثرات ہوں، احتجاج کرنے والوں اور حکومت کی پوزیشن مختلف ہوتی (بقیہ نمبر 34)

کویت بحرین میں امریکی اڈوں پر جوابی حملے: ایران کا دعویٰ

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے امریکہ کے حالیہ حملوں کے جواب میں کویت اور بحرین میں موجود امریکی فوجی اڈوں پر مشترکہ میزائل اور ڈرون حملے کیے ہیں۔ ایرانی سر (بقیہ نمبر 36)

پی ٹی آئی نے آزاد کشمیر میں ٹکٹ جاری کر دیئے

33 امیدواروں کا اعلان، نوجوان کارکنوں کو ترجیح دی گئی ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) آزاد کشمیر نے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات 2026 کے لیے 33 امیدواروں کو پارٹی ٹکٹ جاری کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ پی ٹی آئی آزاد کشمیر کی قیادت نے فیصلہ کیا ہے کہ انتخابات میں روایتی الیکٹیبلز کے بجائے نوجوان اور نظریاتی کارکنوں کو میدان میں اتارا جائے گا۔ صدر پی ٹی آئی آزا (بقیہ نمبر 35)

فیاض وردگ کا شعری مجموعہ "شہر دل" میری نظر میں



فیاض وردگ کا شمار عصر حاضر کے نام ور شعراء میں ہوتا ہے، وہ دنیائے ادب کے آسمان کے نیر تاباں ہیں-ان کی شخصیت ان کے فکری وفنی سفر کی عمدہ عکاسی کرتی ہے-خوب صورت متبسم انداز کی حامل شخصیت فیاض وردگ کی روشن آنکھیں، اس رنگ ونور کی ترجمانی کرتی ہیں، جوان کی شاعری میں جھلکتا ہے-راقم کی فیاض وردگ سے پہلی ملاقات اسلام آباد رائٹرز کانفرنس منعقدہ اکادمی ادبیات اسلام آباد میں ہوئی، جواس امر کی غماز ٹھہری کہ جیسے ہم کئی برسوں سے ایک دوسرے سے آشنا تھے-یہی اپنائیت---یہی محبت---ان کی سیرت کی باطنی جھلک تھی، جوان سے ملنے دیکھنے والوں کو اپنا گرویدہ بنالیتی ہے، فیاض وردگ صاحب دل ہیں----ان کا مجموعہ شاعری شہر دل"انھی محبتوں سے مملواور دل داری کا واضح ثبوت ہے-فیاض وردگ کی شاعری موضوعاتی تنوع کے اعتبار سے ہماری شعری روایت کا بے مثال اور قیمتی اثاثہ ہے- شہر دل 2024 میں منظر عام پر آنے والا ایسا شعری مجموعہ ہے جو علمی وادبی حلقوں میں بے پناہ مقبولیت اور پذیرائی حاصل کر چکا ہے-حمد ونعت کے بعد وطن کی محبت کے ترانے فیاض وردگ کی پاک سر زمین سے والہانہ قلبی محبت کا ثبوت ہے-شعر ملاحظہ کیجیے: فیاض نے نغمات تیرے نام کے گائے فیاض کی تحریر میں تقریر میں تو ہے فیاض وردگ کی غزلوں میں، درد دل، تنہائی، قید، گردش زمانہ، دل اور معاملات دل، دل لگی کا راز، موسم غم، کوچہ محبوب، فرقت، بہاراور جان بہار، حب الوطنی، کرونا، عورت کی عظمت، شہیدان وطن، رخ زیبا، پاک فوج کے شہیدوں کے نام، رہ وفا، رقص وسرود، دسمبر وغیرہ موضوعات کے حوالے سے خامہ فرسائی درحقیقت فیاض وردگ کے سرود باطن کی بازگشت ہے، جو بصورت فکر وفن اپنے چاہنے والوں کے دلوں میں اپنی جگہ بنالیتی ہے-"شہر دل" میں دل اور دل سے وابستہ معاملات خصوصی اہمیت کے حامل ہیں، اشعار دیکھیے: درددل اچھالگا دردجگر اچھالگا پیار کا ہر ایک تحفہ کس قدر اچھالگا دل کو بیمار کیے بیٹھے جب سے ہم پیار کیے بیٹھے فیاض وردگ کا کرب لفظوں کا روپ دھارتا ہے تو کہتے ہیں: شہر دل اس طرح جلا میرا زخم جو تھے سبھی چراغ ہوئے فیاض وردگ کی شاعری عصری حالات کی تاریخ ہے، کرونا کے حوالے سے ان کی شاعری ایس او پیز سے مشروط منفرد انداز کی حامل ہے، اشعار ملاحظہ کیجیے: میں تجھے آج چھو نہیں سکتا میں تجھے جان سے کھو نہیں سکتا اس کرونا بلا کو ٹلنے دو تجھ سے پھر دور ہو نہیں سکتا "شہر دل" غزلیات، قطعات سے آراستہ ہے، جو فیاض وردگ کے فکری وفنی محاسن کی باکمال آئینہ داری کرتا ہے-فیاض وردگ انسان دوست ادب پرور، ادب نواز وادب شناس شخصیت ہیں، وہ تخلیق کار انٹرنیشنل کے پروگراموں میں شعراوادباء کی دل جوئی کرتے ہیں ۔ کھل کر داد دیتے ہیں اور تحسین وآفرین سے سب کو خوب نوازتے ہیں، یہی وہ محبت ہے جس کا تعلق شہر دل" سے ہے جس میں فیاض وردگ بستے ہیں-فیاض وردگ کے دل کی فیاضیاں اور بندہ نوازیاں ---"شہر دل" کی وہ روشنیاں ہیں جونفرتوں کی تاریکیوں کو کافور کرکے محبت اور امن وآشتی کا پیام دیتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ اس "شہر دل" کے کوچے محبت سے آباد ہیں، فیاض وردگ کو خوب صورت مجموعہ شاعری "شہر دل" کی تقریب پذیرائی پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں اللہ کرے زور قلم اور زیادہ

لیونل میسی چھا گیا

کھیل کی دنیا میں بہت سے نام شہرت، ریکارڈز اور ٹرافیوں کی وجہ سے امر ہو جاتے ہیں، مگر کچھ شخصیات ایسی بھی ہوتی ہیں جن کی اصل عظمت ان کی واپسی، استقامت اور مسلسل جدوجہد میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ لیونل میسی کی داستان بھی محض ایک عظیم فٹبالر کی کامیابیوں کا احوال نہیں بلکہ یہ اس حقیقت کا زندہ ثبوت ہے کہ ناکامی بعض اوقات منزل کا اختتام نہیں بلکہ ایک نئے سفر کا نقطۂ آغاز ثابت ہوتی ہے۔ سنہ 2016 میں کوپا امریکہ کے فائنل میں چلی کے ہاتھوں شکست اور پینلٹی شوٹ آؤٹ میں اپنی اہم کِک ضائع کرنے کے بعد لیونل میسی شدید ذہنی دباؤ اور مایوسی کا شکار ہوئے تھے۔ ارجنٹینا مسلسل نو برس کے دوران چار بڑے فائنلز ہار چکا تھا اور ہر بار امیدوں کا مرکز میسی ہی تھے۔ اسی کیفیت میں انھوں نے قومی ٹیم سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ اب ان کا قومی ٹیم کے ساتھ سفر ختم ہو چکا ہے اور وہ اپنی تمام تر کوششیں کر چکے ہیں۔ ان الفاظ میں ایک عظیم کھلاڑی کی بے بسی، مایوسی اور اپنے عوام کی توقعات کا بوجھ صاف محسوس کیا جا سکتا تھا۔ لیکن تاریخ اکثر ان لوگوں کے لیے نئے دروازے کھولتی ہے جو شکست کے سامنے ہتھیار ڈالنے کے بجائے خود کو سنبھالنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔ صرف دو ماہ بعد میسی نے اپنا فیصلہ واپس لے لیا۔ اس وقت شاید کسی نے تصور بھی نہیں کیا ہوگا کہ یہی کھلاڑی آنے والے برسوں میں نہ صرف اپنی قومی ٹیم کو عالمی اعزازات دلائے گا بلکہ اپنی ذات کے گرد بننے والے تمام سوالیہ نشانات کو بھی ہمیشہ کے لیے ختم کر دے گا۔ فٹبال میں اکثر یہ بحث جاری رہتی ہے کہ عظمت کا معیار کیا ہے؟ کیا صرف غیر معمولی صلاحیت کسی کھلاڑی کو عظیم بناتی ہے یا پھر مشکل حالات میں ثابت قدم رہنا بھی عظمت کا حصہ ہے؟ میسی کی زندگی کا سفر اس سوال کا جواب فراہم کرتا ہے۔ ان کے پاس غیر معمولی مہارت، حیران کن تکنیک اور بے مثال وژن تو پہلے ہی موجود تھا، مگر وقت نے ان کی شخصیت میں صبر، قیادت اور ناکامیوں سے سیکھنے کا وصف بھی شامل کر دیا۔ وقت کا پہیہ گھوما اور ایک ایسا منظر سامنے آیا جس کا تصور دس برس قبل شاید کسی نے نہیں کیا تھا۔ اپنی 39 ویں سالگرہ سے محض دو دن پہلے لیونل میسی نہ صرف عالمی چیمپیئن ارجنٹینا کی نمائندگی کر رہے تھے بلکہ ورلڈ کپ کی تاریخ میں سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی کا اعزاز بھی اپنے نام کر چکے تھے۔ یہ کامیابی صرف اعداد و شمار کا کھیل نہیں بلکہ اس مسلسل جدوجہد کی علامت ہے جس نے انھیں مایوسی کی گہرائیوں سے اٹھا کر تاریخ کی بلند ترین چوٹیوں تک پہنچایا۔ ارجنٹینا کے دوسرے میچ میں آسٹریا کے خلاف میسی نے ایک مرتبہ پھر اپنے مخصوص انداز میں بائیں پاؤں سے ایسا شاندار گول کیا جس نے ان کے مداحوں کو مسحور کر دیا۔ اس ایک لمحے میں تجربہ، مہارت اور اعتماد کا حسین امتزاج دکھائی دیا۔ پھر چھ یارڈ کے علاقے میں کھلاڑیوں کے ہجوم کے درمیان دوسرا گول کر کے انھوں نے ثابت کر دیا کہ عمر کے اعداد ان کے کھیل کی رفتار اور ذہانت کو محدود نہیں کر سکے۔ فٹبال کی تاریخ میں ایسے بہت کم کھلاڑی ملتے ہیں جو اپنے کیریئر کے آخری مراحل میں بھی اسی شدت، انہماک اور کارکردگی کے ساتھ میدان میں موجود ہوں جس طرح اپنے عروج کے زمانے میں تھے۔ عام طور پر بڑھتی عمر کے ساتھ رفتار کم ہو جاتی ہے، ردعمل میں سستی آ جاتی ہے اور جسمانی مسائل کھلاڑیوں کو محدود کر دیتے ہیں، لیکن میسی نے اپنے کھیل کو صرف رفتار کے بجائے فہم، حکمت اور غیر معمولی تکنیکی مہارت کے ذریعے نئی جہت عطا کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ 38 برس کی عمر میں بھی وہ نوجوان کھلاڑیوں کے لیے پریشانی کا سبب بنے ہوئے ہیں۔ میسی کی موجودہ فارم اس حقیقت کی غماز ہے کہ عظیم کھلاڑی صرف اپنے قدموں سے نہیں بلکہ اپنے ذہن سے بھی کھیلتے ہیں۔ ان کے پاس گیند کی رفتار کو سمجھنے، ساتھی کھلاڑیوں کی پوزیشن کو بھانپنے اور مخالف دفاع میں موجود معمولی سی جگہ سے فائدہ اٹھانے کی حیران کن صلاحیت موجود ہے۔ یہی خصوصیات انھیں دوسروں سے ممتاز کرتی ہیں۔ ارجنٹینا بھی اس وقت اپنے اعزاز کا دفاع کرنے کے لیے پرعزم دکھائی دیتا ہے۔ اس ٹیم کی سب سے بڑی طاقت صرف انفرادی صلاحیت نہیں بلکہ ایک مضبوط اجتماعی سوچ ہے، مگر اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ لیونل میسی آج بھی اس ٹیم کی روح ہیں۔ ان کی موجودگی نوجوان کھلاڑیوں کے اعتماد میں اضافہ کرتی ہے اور میدان کے اندر ایک ایسا توازن پیدا کرتی ہے جو کسی بھی بڑی ٹیم کے لیے سرمایہ ہوتا ہے۔ لیونل میسی کی کہانی صرف فٹبال کے میدان تک محدود نہیں رہتی بلکہ زندگی کے وسیع تر دائرے میں بھی ایک اہم پیغام دیتی ہے۔ ناکامیاں انسان کو توڑ سکتی ہیں، مگر اگر وہ ان ناکامیوں کو اپنی آخری منزل سمجھنے کے بجائے ایک نئے آغاز کا ذریعہ بنا لے تو حالات بدلنے میں زیادہ دیر نہیں لگتی۔ 2016 میں ریٹائرمنٹ کا اعلان کرنے والا شخص اگر اپنی مایوسی کو حرفِ آخر مان لیتا تو شاید دنیا ایک ایسی داستان سے محروم رہ جاتی جسے آج کھیلوں کی تاریخ کا سنہری باب سمجھا جا رہا ہے۔ آج جب لیونل میسی میدان میں اترتے ہیں تو وہ صرف ایک کھلاڑی کے طور پر نہیں بلکہ امید، استقامت اور مسلسل جدوجہد کی علامت کے طور پر سامنے آتے ہیں۔ ان کے قدموں سے نکلنے والا ہر پاس، ہر گول اور ہر فتح اس حقیقت کی یاد دہانی کراتی ہے کہ عظمت صرف کامیابیوں سے نہیں بلکہ ناکامیوں کے بعد دوبارہ اٹھ کھڑے ہونے کے حوصلے سے جنم لیتی ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ لیونل میسی کو صرف ارجنٹینا کا ہیرو یا جدید فٹبال کا بادشاہ نہیں کہا جاتا بلکہ انھیں اس عہد کی ایک ایسی داستان قرار دیا جاتا ہے جس نے دنیا کو یہ سکھایا کہ بعض اوقات سب سے خوبصورت فتوحات وہ ہوتی ہیں جو شکست کے ملبے سے جنم لیتی ہیں۔

کرغزستان



دنیا کے نقشے پر وسطی ایشیا کا ایک ایسا ملک موجود ہے جو قدرتی حسن، تاریخی ورثے، ثقافتی رنگارنگی اور جغرافیائی اہمیت کے اعتبار سے بے مثال مقام رکھتا ہے۔ یہ ملک کرغزستان ہے، جو بلند و بالا پہاڑوں، سرسبز وادیوں، شفاف جھیلوں اور مہمان نواز عوام کی وجہ سے دنیا بھر کے سیاحوں کی توجہ کا مرکز بنتا جا رہا ہے۔ اگر چہ رقبے اور آبادی کے لحاظ سے یہ کوئی بہت بڑا ملک نہیں، لیکن اس کی اہمیت خطے کی سیاست، معیشت اور ثقافت میں نمایاں ہے۔ کرغزستان کو اکثر "وسطی ایشیا کا سوئٹزرلینڈ" کہا جاتا ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ اس کا پہاڑی جغرافیہ ہے۔ ملک کے تقریباً نوے فیصد حصہ پہاڑوں پر مشتمل ہے اور تیان شان کے عظیم پہاڑی سلسلے اس کے حسن میں چار چاند لگاتے ہیں۔ برف پوش چوٹیاں، سبز چراگاہیں اور نیلگوں جھیلیں ہر دیکھنے والے کو مسحور کر دیتی ہیں۔ دنیا کی مشہور جھیلوں میں شمار ہونے والی جھیل ایسیک کول کرغزستان کا ایک اہم قدرتی اثاثہ ہے۔ یہ جھیل سال بھر مکمل طور پر منجمد نہیں ہوتی اور اپنی خوبصورتی کے باعث سیاحوں کی بڑی تعداد کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ کرغزستان کی تاریخ بھی نہایت دلچسپ ہے۔ یہ خطہ صدیوں تک شاہراہِ ریشم کا اہم حصہ رہا۔ قدیم زمانے میں چین، مشرق وسطیٰ اور یورپ کے درمیان تجارت کرنے والے قافلے انہی علاقوں سے گزرتے تھے۔ اس وجہ سے یہاں مختلف تہذیبوں، زبانوں اور ثقافتوں کا ملاپ دیکھنے کو ملتا ہے۔ کرغز عوام کی روایات میں آج بھی اس تاریخی پس منظر کی جھلک نمایاں نظر آتی ہے۔ گھڑ سواری، روایتی کھیل، موسیقی اور دستکاری ان کی ثقافتی شناخت کا حصہ ہیں۔ سوویت یونین کے دور میں کرغزستان ایک سوویت جمہوریہ تھا، لیکن 1991ء میں سوویت یونین کے خاتمے کے بعد اس نے آزادی حاصل کی۔ آزادی کے بعد ملک کو سیاسی اور معاشی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا، تاہم وقت کے ساتھ ساتھ اس نے اپنی قومی شناخت کو مضبوط کیا اور جمہوری اداروں کی تعمیر کی جانب پیش رفت کی۔ وسطی ایشیا کے دیگر ممالک کے مقابلے میں کرغزستان کو نسبتاً زیادہ سیاسی آزادیوں والا ملک تصور کیا جاتا ہے، اگرچہ اسے اب بھی سیاسی استحکام اور گورننس کے مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ معاشی اعتبار سے کرغزستان ترقی پذیر ممالک میں شمار ہوتا ہے۔ زراعت، کان کنی اور خدمات کا شعبہ اس کی معیشت کی بنیاد ہیں۔ سونا ملک کی اہم برآمدات میں شامل ہے، جبکہ مویشی پالنا اور زراعت دیہی آبادی کے لیے روزگار کا بڑا ذریعہ ہیں۔ حالیہ برسوں میں سیاحت بھی معیشت کا ایک اہم ستون بنتی جا رہی ہے۔ دنیا بھر سے آنے والے سیاح پہاڑی مہم جوئی، ٹریکنگ، کیمپنگ اور ثقافتی تجربات کے لیے کرغزستان کا رخ کرتے ہیں۔ پاکستان اور کرغزستان کے تعلقات بھی قابلِ ذکر ہیں۔ دونوں ممالک اسلامی تعاون تنظیم اور دیگر بین الاقوامی فورمز میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ حالیہ برسوں میں تعلیمی، تجارتی اور سفارتی روابط میں اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان کے بہت سے طلبہ کرغزستان کی جامعات میں طب اور دیگر شعبوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سیاحت کے فروغ کے امکانات بھی موجود ہیں، جن سے مستقبل میں مزید فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ کرغزستان کی معاشرتی زندگی سادگی اور روایات سے جڑی ہوئی ہے۔ یہاں کے لوگ خاندان اور برادری کے نظام کو بڑی اہمیت دیتے ہیں۔ مہمان نوازی ان کی نمایاں خصوصیت ہے۔ دیہی علاقوں میں آج بھی خانہ بدوش ثقافت کے اثرات دیکھے جا سکتے ہیں جہاں لوگ روایتی خیموں، جنہیں "یورت" کہا جاتا ہے، میں قیام کرتے ہیں۔ یہ طرزِ زندگی جدید دور کے باوجود ان کی ثقافتی شناخت کا اہم حصہ ہے۔ تعلیم اور انسانی ترقی کے میدان میں بھی کرغزستان نے قابلِ ذکر پیش رفت کی ہے۔ شرح خواندگی نسبتاً بلند ہے اور حکومت تعلیم تک رسائی کو بہتر بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔ تاہم دیہی اور شہری علاقوں کے درمیان ترقی کا فرق اب بھی ایک چیلنج ہے۔ نوجوان نسل جدید ٹیکنالوجی اور عالمی رجحانات سے متاثر ہو رہی ہے، جس کے نتیجے میں معاشرے میں بتدریج تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ ماحولیاتی اعتبار سے کرغزستان کو کئی مسائل کا سامنا ہے۔ گلیشیئرز کا پگھلاؤ، موسمیاتی تبدیلی اور آبی وسائل کا دباؤ مستقبل کے لیے اہم چیلنجز ہیں۔ چونکہ ملک کے بیشتر دریاؤں کا تعلق پہاڑی گلیشیئرز سے ہے، اس لیے ماحولیاتی تبدیلیاں نہ صرف کرغزستان بلکہ پورے وسطی ایشیائی خطے پر اثر انداز ہو سکتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ماحولیات کے تحفظ اور پائیدار ترقی کے موضوعات وہاں کی پالیسی سازی میں اہم مقام حاصل کر رہے ہیں۔ آج کے دور میں جب دنیا تیزی سے بدل رہی ہے، کرغزستان اپنی تاریخی روایات اور جدید تقاضوں کے درمیان توازن قائم کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ایک طرف وہ اپنی ثقافتی شناخت اور قدرتی ورثے کو محفوظ رکھنا چاہتا ہے اور دوسری طرف اقتصادی ترقی، علاقائی تعاون اور عالمی انضمام کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی خواہش رکھتا ہے۔ یہی دوہرا سفر اس ملک کی اصل کہانی ہے۔ کرغزستان اگرچہ عالمی سیاست میں بڑی طاقت نہیں، لیکن اپنی جغرافیائی اہمیت، قدرتی وسائل، سیاحتی امکانات اور نوجوان آبادی کے باعث مستقبل میں ایک مؤثر اور مستحکم ریاست بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پاکستان سمیت خطے کے دیگر ممالک کے لیے بھی یہ ملک تعاون، تجارت اور ثقافتی تبادلوں کے نئے دروازے کھول سکتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ دونوں ممالک اپنے تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں اور باہمی مفادات کی بنیاد پر مشترکہ ترقی کی راہیں تلاش کریں۔ کرغزستان کی پہاڑی فضاؤں سے اٹھنے والی امید کی یہ کرن وسطی ایشیا کے روشن مستقبل کی علامت بن سکتی ہے۔

اسرائیل: امنِ عالم کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ

تحریر: محمد عثمان پھلروان، کالم نگار

دنیا اس وقت جس سیاسی، عسکری اور انسانی بحران سے گزر رہی ہے، اس کے پس منظر میں مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ گزشتہ کئی دہائیوں سے فلسطین اور اسرائیل کا تنازعہ نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے امن کے لیے ایک مستقل چیلنج بنا ہوا ہے۔ عالمی برادری کی متعدد کوششوں، اقوامِ متحدہ کی قراردادوں اور امن مذاکرات کے باوجود مسئلہ فلسطین آج بھی حل طلب ہے، جس کی بنیادی وجہ اسرائیل کی توسیع پسندانہ اور جارحانہ پالیسیوں کو قرار دیا جاتا ہے۔ اسرائیل کے قیام کے بعد سے فلسطینی عوام مسلسل بے دخلی، قبضے، محاصرے اور تشدد کا سامنا کر رہے ہیں۔ مغربی کنارے میں غیر قانونی یہودی بستیوں کی تعمیر، غزہ کی ناکہ بندی اور فلسطینی علاقوں پر بار بار فوجی کارروائیوں نے امن کی تمام کوششوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ اقوامِ متحدہ اور بین الاقوامی انسانی حقوق کی متعدد تنظیمیں بارہا اس بات کی نشاندہی کر چکی ہیں کہ فلسطینی عوام کے بنیادی حقوق کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ حالیہ برسوں میں غزہ کی صورتحال نے پوری دنیا کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ ہزاروں بے گناہ شہری، جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں، جنگ اور تشدد کا شکار ہوئے۔ اسپتالوں، تعلیمی اداروں اور رہائشی علاقوں پر حملوں نے نہ صرف انسانی بحران کو گہرا کیا بلکہ عالمی امن و انصاف کے نظام پر بھی سوالات اٹھا دیے ہیں۔ اگرچہ ہر ریاست کو اپنی سلامتی کا حق حاصل ہے، تاہم بین الاقوامی قوانین اور انسانی اقدار کا احترام بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ اسرائیل اور اس کے حامی ممالک کی پالیسیوں نے مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کو کم کرنے کے بجائے کئی مواقع پر مزید بڑھایا ہے۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی، لبنان اور شام میں عسکری کارروائیاں، اور فلسطینی علاقوں میں جاری تنازعہ، خطے کو مسلسل عدم استحکام کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ اس صورتحال کا اثر صرف مشرقِ وسطیٰ تک محدود نہیں بلکہ عالمی معیشت، سفارت کاری اور بین الاقوامی امن پر بھی پڑ رہا ہے۔ یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ دنیا میں پائیدار امن صرف طاقت کے استعمال سے قائم نہیں ہو سکتا۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب تک انصاف، مساوات اور بنیادی انسانی حقوق کا احترام یقینی نہیں بنایا جاتا، امن کی کوئی بھی کوشش دیرپا ثابت نہیں ہوتی۔ فلسطینی عوام کے حقِ خود ارادیت، ایک آزاد اور خود مختار ریاست کے قیام، اور بین الاقوامی قوانین کے نفاذ کے بغیر مشرقِ وسطیٰ میں حقیقی امن کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ آج عالمی برادری، اقوامِ متحدہ اور انسانی حقوق کے اداروں پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ محض بیانات تک محدود نہ رہیں بلکہ ایک منصفانہ اور مستقل حل کے لیے عملی اقدامات کریں۔ اگر طاقتور ممالک اپنے سیاسی اور معاشی مفادات سے بالاتر ہو کر انصاف کے اصولوں کو مقدم رکھیں، تو مشرقِ وسطیٰ میں امن کا سورج طلوع ہو سکتا ہے۔ دنیا کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ جنگیں مسائل کا حل نہیں ہوتیں۔ امن، انصاف اور انسانی وقار کا احترام ہی وہ واحد راستہ ہے جو اقوام کو ترقی، استحکام اور خوشحالی کی منزل تک پہنچا سکتا ہے۔ جب تک فلسطین کا مسئلہ انصاف کے تقاضوں کے مطابق حل نہیں ہوتا، مشرقِ وسطیٰ میں پائیدار امن کا قیام ایک دشوار خواب ہی رہے گا۔

چند افراد کی غلطی، پورے شعبے پر سوال کیوں؟

پنجاب کے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے حالیہ بیان نے سرکاری اساتذہ میں شدید ردِعمل پیدا کیا ہے۔ اساتذہ تنظیموں نے بیان کو اپنی تضحیک قرار دیتے ہوئے وزیر تعلیم سے معافی کا مطالبہ کیا، جبکہ وزیر تعلیم کا مؤقف ہے کہ ان کی تنقید تمام اساتذہ پر نہیں بلکہ صرف ان عناصر پر تھی جو بدعنوانی اور بے ضابطگیوں میں ملوث ہیں اور ان کے پاس اس حوالے سے شواہد بھی موجود ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس معاملے کو جذبات کے بجائے حقائق کی روشنی میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ ہمارے سرکاری تعلیمی نظام میں ہزاروں ایسے اساتذہ موجود ہیں جو انتہائی دیانت داری، محنت اور خلوص سے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ ایسے اساتذہ قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی خدمات کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ بعض علاقوں میں ایسے عناصر بھی موجود ہیں جو اپنی ذمہ داریوں سے غفلت برتتے ہیں۔ دور دراز علاقوں کے بعض سرکاری اسکولوں میں نہ تو باقاعدہ نگرانی ہوتی ہے اور نہ ہی محکمہ تعلیم کے افسران مؤثر انداز میں دورے کرتے ہیں۔ نتیجتاً کئی مقامات پر تدریسی معیار متاثر واقعہ کربلا سنتے تو بچپن سے آئے ہیں مگر وقت کے ساتھ ساتھ اس واقعہ کو سمجھنے کے چند مراحل سے بھی گزرے ہیں، بطور طالب علم عقیدت کو ایک کونے پر رکھ کر اس کے سیاسی پہلوؤں کا جائزہ لیا اور اس واقعہ کو سیاسی لحاظ سے سمجھنے کی سعی کی۔ نتیجتاً کچھ شبہ نہیں رہا کہ سیدنا حسین کا مؤقف سیاسی طور پر بالکل درست اور واضح تھا انہوں نے جس طرح یزید کو اقتدار منتقل کیے جانے کے عمل کو اسلام کے بنیادی سیاسی اصولوں کے منافی سمجھا، خلفاء راشدین کے ادوار میں جو انتخاب کا طریقہ رائج تھا اس کو یکسر نظر انداز ہوتے دیکھے، امام حسن اور معاویہ بن ابوسفیان کے صلح کے وقت قائم معاہدہ کو ٹوٹتے دیکھا اور نتیجتاً قیصر و کسریٰ کے بنائے گئے قوانین کو اہمیت ملتے دیکھا تو امام کا اجتہادی حق تھا کہ وہ اپنی آواز بلند کریں اس لیے انہوں نے اس طریقہ کار کے خلاف رائے قائم کی۔ کچھ لوگوں کا یہاں موقف ہے کہ جب باقی صحابہ نے یزید کی حکومت کو ڈیفیکٹو مان کر قبول کر لیا تھا تو امام کو بھی کر لینا چاہیے تھا میرے نزدیک امام کے قبول نہ کرنے کے دو پہلو تھے ایک تو اس سیاسی نظام کو قائم کرنے والے ہادی، پیغمبر اسلام کے وہ ماننے والے تھے دوسرا وہ ان کے نانا بھی تھے اور اس نظام کو برقرار رکھنے کی جد وجہد کرنے والے انکے والد تھے اس لیے امام اس کو دوہری ذمہ داری کے طور پر لیتے تھے اور اس نظام کی بقاء اپنے اوپر فرض سمجھتے تھے امام کی رگوں میں شامل خون انہیں اس بات کی اجازت نہیں دیتا تھا کہ وہ بھی مصلحتاً خاموشی اختیار کر کے حکومت کو ڈیفیکٹو تسلیم کر لیں۔ اس لئے انہوں نے اپنی ایک رائے قائم کی، مگر صد افسوس فریق مخالف نے ان کی اس رائے کو ظلم و بربریت سے کچلتے ہوئے انہیں مظلومانہ شہید کر دیا۔ اگر انہیں جنگ کے بنیادی اصول وضوابط کے تحت لشکر جمع کرنے کا موقع دیا جاتا تو اس واقعہ کو ایک مختلف نظر سے دیکھا جاتا مگر فریق مخالف پر انکے نظریے کی سچائی کا اتنا خوف تھا کہ انہیں اپنی بات تک لوگوں کو پہنچانے کا موقع ہی نہیں دیا گیا اور انہیں چند خاندان کے افراد کے ساتھ شہید کر دیا گیا۔ حق تو یہ تھا کہ مسلمان قوم ان کے سیاسی نقطہ نظر کی مکمل حمایت کرتی اور متحد ہو کر اس دور کے حکمرانوں، انکے مددگاروں، انکے بنانے والوں سے برات کا اظہار کرتی مگر بدقسمتی سے ہر سال ایام محرم میں چند عناصر ایک مخصوص ایجنڈے کے تحت سامنے آتے ہیں اور اس وقت کے حکمران کو اس المیے سے بری الذمہ قرار دینے کی بھونڈی کوشش کرتے ہیں۔ وہ دلیل دیتے ہیں کہ امام حسین کو قتل کرنے والے براہِ راست ذمہ دار ہیں، جب کہ حکمران وقت (یزید) کو اس واقعے میں ملوث یا قابلِ ملامت نہیں سمجھا جانا چاہیے۔ ان لوگوں کو اس بات کی سمجھ کیوں نہیں آتی کہ یہ دو لوگوں کی جنگ بالکل نہیں تھی بلکہ دو سیاسی نظریات کی جنگ تھی ایک نظریہ اسلام کے دیئے ہوئے اصولوں پر قائم تھا تو دوسرا قبائلی عصبیت پر، میں اس معاملہ کو مکمل سیاسی لحاظ سے دیکھتا ہوں، اور اسی زاویے سے یزید کو ایسا حکمران سمجھتا ہوں جس نے طاقت کے نشہ میں بدمست ہو کر اپنے مخالف کے ساتھ معاملہ کیا، میں اسے براہ راست اس سانحے کا ذمہ دار سمجھتا ہوں۔ جو لوگ یزید کو رعایت دینے کی بات کرتے ہیں، اسے مختلف حیلے بہانوں سے مخصوص حیثیت دینے کی کوشش کرتے ہیں، ان کا نقطہ نظر میری سمجھ سے بالاتر ہے۔ میرے نزدیک یزید کو کوئی ایسا خاص مقام حاصل نہیں جس کی بنیاد پر اسے عام حکمرانوں سے ممتاز اور محترم سمجھا جائے۔ نہ ہی وہ صحابی رسولؐ ہے کہ اس کی نیت یا اعمال کو شک سے بالا تر سمجھا جائے، بلکہ جب صحابہ کرام جیسی شخصیت قابلِ احتساب ہو سکتی ہیں تو یزید کو کس درجے میں اس سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ یزید کے آبا و اجداد بھی وہ لوگ نہیں تھے جن کی اسلام کے لیے قربانیاں ایسی ہوں کہ ان کی بنا پر یزید کے لیے حسن ظن رکھا جا سکے۔ اس کی حکومت ملوکیت اور استبداد پر قائم تھی، عوام کی رائے کے بجائے جبر و طاقت فیصلہ کن تھی۔ لہٰذا یہ کہنا کہ اس کی حکومت "امرھم شوریٰ بینھم" کے اصول پر مبنی تھی، سراسر غلط ہے۔ اس پس منظر میں یزید کے خلاف آواز اٹھانا کسی بھی طور "اولی الامر" کی اطاعت سے انحراف نہیں۔ یزید جیسے حکمران کو اولی الامر میں شمار کرنا اور اس تناظر میں ابوبکر و عمر جیسا مقام دینا صرف ناعاقبت اندیشی نہیں بلکہ تاریخ و شریعت دونوں کے ساتھ ناانصافی ہے۔ یزید ایک عام حکمران تھا جس کے دور میں مدینہ جیسے مقدس شہر کی حرمت پامال ہوئی، عوام کے جان و مال، عزت و آبرو پر حملے کیے گئے، سیاسی مسائل کو ظلم و جبر سے حل کیا گیا، حسین جیسی شخصیت کو جن لوگوں نے مظلومانہ شہید کیا انکے خلاف کوئی کارروائی نہ کی گئی بلکہ ایک مطلق العنان بادشاہ کی طرح اپنے کارندوں کو تحفظ فراہم کیا، لہٰذا یزید بالکل اسی طرح لعنت کا مستحق ہے جیسے دورِ حاضر میں ایک ظالم و جابر بادشاہ ظلم کا بازار گرم کرنے پر ملعون قرار دیے

سحر پروگرام: پنجاب کی بیٹیوں کے روشن مستقبل کی نوید

کسی بھی معاشرے کی ترقی کا راز اس کی خواتین کی تعلیم، ہنرمندی اور معاشی خودمختاری میں پوشیدہ ہوتا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک نے خواتین کو معاشی دھارے میں شامل کر کے نہ صرف اپنی معیشت کو مضبوط کیا بلکہ سماجی ترقی کے نئے باب بھی رقم کیے۔ وہاں آج خواتین مردوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہو کر نہ صرف خودکفیل ہیں بلکہ ملکی معیشت میں اپنا گراں قدر حصہ ڈال رہی ہیں۔ پاکستان بالخصوص پنجاب میں خواتین کی ایک بڑی تعداد صلاحیتوں سے مالا مال ہونے کے باوجود مناسب مواقع سے محروم رہی ہے۔ تعلیمی میدان ہو، زراعت ہو یا صنعت ہو، پنجاب کی خواتین ہر ملنے والے موقع سے فائدہ اٹھا کر اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہی ہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں خواتین کو انتہائی محدود مواقع میسر رہے ہیں جس کی وجہ سے ان کی ایک بڑی تعداد باصلاحیت ہونے کے باوجود اپنی صلاحیتوں کے مظاہرے سے محروم رہی ہے۔ ایسے حالات میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے "سکل انہانسمنٹ تھرو ہوم ریچ پروگرام" یعنی "سحر پروگرام" کا آغاز ایک قابلِ تحسین، دور اندیش اور انقلابی قدم ہے۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ خواتین کو ان کے گھر کی دہلیز پر ہنر سکھانے اور انہیں معاشی طور پر خودکفیل بنانے کے لیے ایک منظم پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ تقریباً 97 کروڑ روپے کی لاگت سے شروع ہونے والا یہ منصوبہ صوبے کی 5365 خواتین کو جدید اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق تربیت فراہم کرے گا، جو بلاشبہ خواتین کی معاشی ترقی کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔ اس اقدام سے صرف خواتین ہی معاشی طور پر مضبوط نہیں ہوں گی، بلکہ ملکی معیشت کو بھی اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے میں مدد ملے گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا یہ کہنا کہ پنجاب کی عورت معاشی طور پر مضبوط ہوگی تو پنجاب اور پاکستان ترقی کرے گا محض ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک حقیقت ہے۔ عالمی اداروں کی رپورٹس بھی اس امر کی تصدیق کرتی ہیں کہ خواتین کی لیبر فورس میں شمولیت بڑھنے سے ملکی معیشت میں نمایاں بہتری آتی ہے۔ اگر خواتین کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں تو غربت میں کمی، بچوں کی بہتر تعلیم اور خاندانوں کی خوشحالی ممکن ہو جاتی ہے۔ سحر پروگرام کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں صرف شہری خواتین ہی نہیں بلکہ دور دراز دیہی، نیم شہری اور پسماندہ علاقوں کی خواتین کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ اس پروگرام میں بیوہ، مطلقہ اور اقلیتی خواتین کو ترجیح دینا حکومت کی سماجی حساسیت اور انصاف پسندی کی عکاسی کرتا ہے۔ اس طرح خواتین کا وہ طبقہ جسے بوجھ سمجھا جاتا ہے معاشی خودکفالت کے بعد مفید طبقے میں بدل جائے گا۔ آج کی دنیا میں ہنر ہی اصل سرمایہ ہے۔ سحر پروگرام کے تحت خواتین کو ہاسپٹیلٹی، بیوٹیشن اور ڈیجیٹل اسکلز کی تربیت دینا ایک دانشمندانہ فیصلہ ہے۔ ہاسپٹیلٹی سیکٹر دنیا بھر میں روزگار کے وسیع مواقع فراہم کرتا ہے۔ کلنری آرٹس، بیکنگ، فرنٹ ڈیسک اور ایئر لائن مینجمنٹ کی تربیت حاصل کرنے والی خواتین ملکی اور بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع حاصل کر سکتی ہیں۔ اسی طرح بیوٹیشن انڈسٹری پاکستان میں تیزی سے فروغ پا رہی ہے۔ خواتین کم سرمایہ سے اپنا بیوٹی سیلون قائم کر کے باعزت روزگار حاصل کر سکتی ہیں۔ یہ شعبہ گھریلو کاروبار کے لیے بھی نہایت موزوں ہے۔ تاہم سحر پروگرام کا سب سے روشن پہلو ڈیجیٹل اسکلز کی تربیت ہے۔ ای کامرس، شاپیفائی، دراز، پروڈکٹ ریسرچ، انگلش لینگویج اور فنانشل لٹریسی کی تربیت خواتین کو صرف مقامی نہیں بلکہ عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کر سکتی ہے۔ فری لانسنگ اور آن لائن بزنس کے ذریعے خواتین گھر بیٹھے ڈالر کما سکتی ہیں اور ملکی زرِمبادلہ میں اضافہ کر سکتی ہیں۔ سحر پروگرام شروع کرنے سے پہلے پورا ہوم ورک کیا گیا ہے۔ ناکام حکومتی پروگرامز کی ناکامی کی وجوہات، راستے کی رکاوٹوں اور کامیابی کے امکانات کا مکمل جائزہ لیا گیا ہے۔ اس پہلو کو خصوصی طور پر مدنظر رکھا گیا ہے کہ اکثر تربیتی پروگراموں کی ناکامی کی ایک بڑی وجہ سہولیات کا فقدان ہوتا ہے۔ اس لیے سحر پروگرام میں ٹرینی خواتین کو لیپ ٹاپ، انٹرنیٹ ڈیوائس، ڈیٹا پیکیج اور ماہانہ وظیفہ فراہم کرنا اس منصوبے کو دیگر پروگراموں سے ممتاز بناتا ہے۔ یہ اقدام اس بات کی ضمانت ہے کہ خواتین نہ صرف تربیت حاصل کریں بلکہ اسے عملی طور پر استعمال بھی کر سکیں۔ اپنے شعبے میں مہارت حاصل کرنے کے لیے یہ بہت ضروری امر ہے۔ پنجاب حکومت نے یہ سہولت دے کر سحر پروگرام کی کامیابی کی بنیاد رکھ دی ہے۔ اگر اس پروگرام پر مستقل مزاجی سے عمل کیا گیا تو اس کے نتائج انتہائی حوصلہ افزا ہو سکتے ہیں۔ آئندہ چند برسوں میں ہزاروں خواتین اپنے گھروں سے کاروبار شروع کر سکتی ہیں، فری لانسنگ کے میدان میں اپنا مقام بنا سکتی ہیں اور اپنے خاندانوں کی کفالت میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ یہ پروگرام خواتین کے لیے خود اعتمادی، باوقار روزگار اور معاشی استحکام کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ اس سے گھریلو تشدد، مالی انحصار اور غربت جیسے مسائل میں بھی نمایاں کمی آنے کی امید ہے۔ سحر پروگرام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے چند اقدامات نہایت ضروری ہیں۔ حکومت پنجاب کو چاہیے کہ تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو بلاسود یا آسان شرائط پر قرضے فراہم کیے جائیں۔ اس کے علاوہ ہر ضلع میں "ویمن بزنس انکیوبیشن سینٹر" قائم کیے جائیں۔ آن لائن روزگار کے مواقع سے متعلق مستقل رہنمائی اور مینٹورشپ کا نظام بنایا جائے۔ صلاحیتوں کے اعتراف سے کام کرنے والوں کا حوصلہ بڑھتا ہے اور دوسروں میں جذبہ مسابقت پیدا ہوتا ہے جو اس شعبے کی ترقی اور بہتری کا سبب بنتا ہے۔ کامیاب خواتین کی حوصلہ افزائی کے لیے سالانہ ایوارڈز اور خصوصی گرانٹس دی جائیں تو مطلوبہ نتائج توقع سے بھی جلد حاصل ہونے میں مدد ملے گی۔ حکومت پنجاب کو اس پہلو پر بھی توجہ دینا ہو گی کہ خواتین کی تربیت کے بعد روزگار کی فراہمی کے لیے نجی شعبے کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دیا جائے۔ اگر دیہی خواتین کی مصنوعات کی مارکیٹنگ کے لیے خصوصی ای کامرس پلیٹ فارم قائم کیا جائے تو یہ بہت مثبت نتائج کا حامل ہوگا۔ ایک اور بات بھی دھیان میں رہے کہ خواتین کے لیے ڈے کیئر مراکز اور کاروباری رہنمائی مراکز بھی قائم کیے جائیں۔ یہ حقیقت ہے کہ کوئی بھی قوم اپنی نصف آبادی کو پیچھے چھوڑ کر ترقی نہیں کر سکتی۔ سحر پروگرام دراصل خواتین کو معاشی خودمختاری، خوداعتمادی اور عزتِ نفس دینے کی ایک سنجیدہ کوشش ہے۔ اگر یہ منصوبہ اپنی اصل روح کے مطابق جاری رہا تو آنے والے برسوں میں پنجاب کی ہزاروں خواتین نہ صرف اپنے خاندانوں کی تقدیر بدلیں گی بلکہ ملکی معیشت میں بھی نمایاں کردار ادا کریں گی۔ وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا سحر پروگرام ایک نئے پنجاب کی بنیاد ثابت ہوگا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا یہ اقدام اس حقیقت کا مظہر ہے کہ ترقی صرف سڑکوں اور عمارتوں سے نہیں بلکہ انسانوں، خصوصاً خواتین کو بااختیار بنانے سے آتی ہے۔ "سحر" درحقیقت ایک پروگرام نہیں بلکہ پنجاب کی بیٹیوں کے روشن، خودمختار اور خوشحال مستقبل کی نوید ہے۔

غیروں کی زندگی میں الجھے لوگ

کچھ لوگ اپنی زندگی کے اصل کاموں، ذمہ داریوں اور مقاصد پر توجہ دینے کے بجائے دوسروں کی زندگیوں میں ضرورت سے زیادہ دلچسپی لینا شروع کر دیتے ہیں۔ ان کی روزمرہ سوچ اور گفتگو کا بڑا حصہ اسی بات کے گرد گھومتا رہتا ہے کہ فلاں شخص کہاں گیا، کس سے ملا، کیا کر رہا ہے، اس کے پاس کیا چیزیں ہیں اور وہ کس طرح زندگی گزار رہا ہے۔ آہستہ آہستہ یہ عادت ان کی اپنی زندگی سے توجہ ہٹا دیتی ہے۔ دوسروں کے معاملات جاننے کا شوق اگر حد میں رہے تو یہ ایک عام انسانی فطرت ہے، لیکن جب یہی شوق جنون بن جائے تو انسان اپنی صلاحیتوں اور وقت کا نقصان کرنے لگتا ہے۔ کچھ لوگ اپنی توانائیاں دوسروں کی نگرانی، باتوں اور سرگرمیوں کا تجزیہ کرنے میں لگا دیتے ہیں، جبکہ وہی وقت اپنی ذات کو بہتر بنانے اور اپنے خواب پورے کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اکثر ایسے افراد اپنے اردگرد کے لوگوں کی زندگیوں کو دیکھ کر اپنی زندگی کا موازنہ کرنے لگتے ہیں۔ وہ یہ سوچنے لگتے ہیں کہ فلاں شخص کے پاس یہ چیز کیوں ہے، وہ اتنا کامیاب کیسے ہوا یا اسے اتنی عزت کیسے ملی۔ مگر وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ ہر انسان کی جدوجہد، حالات اور راستے مختلف ہوتے ہیں، اور ہر کامیابی کے پیچھے ایک لمبی محنت چھپی ہوتی ہے۔ کچھ لوگ دوسروں کی کامیابیوں سے متاثر ہونے کے بجائے اندر ہی اندر پریشان ہونے لگتے ہیں۔ وہ دوسروں کی ترقی میں خوش ہونے کے بجائے خامیاں تلاش کرنے لگتے ہیں اور اپنی توجہ اس بات پر مرکوز کر دیتے ہیں کہ کسی دوسرے شخص میں کیا کمی ہے۔ یہ سوچ نہ صرف انسان کے سکون کو متاثر کرتی ہے بلکہ اس کے تعلقات پر بھی منفی اثر ڈال سکتی ہے۔ آج کے دور میں سوشل میڈیا نے بھی لوگوں کو دوسروں کی زندگیوں میں جھانکنے کا ایک آسان ذریعہ فراہم کر دیا ہے۔ لوگ گھنٹوں دوسروں کی تصاویر، پوسٹس اور سرگرمیوں کو دیکھتے رہتے ہیں، پھر اپنی زندگی کا موازنہ ان سے کرتے ہیں۔ حالانکہ اکثر سوشل میڈیا پر نظر آنے والی زندگی صرف ایک خوبصورت پہلو ہوتا ہے، حقیقت میں ہر انسان اپنی مشکلات اور پریشانیوں سے گزر رہا ہوتا ہے۔ دوسروں کے بارے میں زیادہ سوچنے والا انسان اکثر اپنی ذات کی تعمیر کو بھول جاتا ہے۔ وہ یہ نہیں دیکھتا کہ اس کے اپنے خواب کیا ہیں، اس کی اپنی کمزوریاں کون سی ہیں اور اسے اپنی زندگی میں کیا بہتر کرنا چاہیے۔ وقت گزرنے کے بعد اسے احساس ہوتا ہے کہ وہ دوسروں کے حالات جانتا رہا، لیکن اپنی زندگی میں کوئی خاص تبدیلی نہ لا سکا۔ بعض افراد دوسروں کے معاملات میں دلچسپی صرف اس لیے لیتے ہیں تاکہ معلومات حاصل کر کے انہیں آگے پہنچایا جا سکے۔ یہی عادت بعد میں گپ شپ، افواہوں اور غلط فہمیوں کا سبب بنتی ہے۔ کسی کی ذاتی زندگی کو موضوعِ بحث بنانا نہ صرف اخلاقی طور پر غلط ہے بلکہ معاشرتی تعلقات کو بھی نقصان پہنچا سکتا ہے۔ انسان کو یہ سمجھنا چاہیے کہ ہر شخص کی زندگی ایک الگ کہانی ہے۔ کسی کے پاس موجود چیزوں، کامیابیوں یا سہولتوں کو دیکھ کر اس کے پورے سفر کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ ممکن ہے جس شخص کو ہم خوشحال سمجھ رہے ہوں، وہ اندر سے کئی مشکلات کا سامنا کر رہا ہو۔ جو لوگ اپنی زندگی میں کامیابی حاصل کرتے ہیں، وہ عموماً دوسروں کے معاملات میں وقت ضائع کرنے کے بجائے اپنی محنت اور ترقی پر توجہ دیتے ہیں۔ وہ دوسروں سے مقابلہ کرنے کے بجائے خود کو بہتر بنانے کی کوشش کرتے ہیں اور ہر دن اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کرنے کے لیے کام کرتے ہیں۔ دوسروں کی زندگی پر نظر رکھنے کی عادت انسان کو ذہنی طور پر بھی تھکا دیتی ہے۔ ہر وقت یہ سوچنا کہ کون کیا کر رہا ہے، کون کہاں پہنچ گیا ہے اور کس کے پاس کیا ہے، انسان کے اندر بے چینی پیدا کرتا ہے۔ سکون اسی وقت ملتا ہے جب انسان اپنی توجہ اپنی زندگی کے مثبت پہلوؤں پر مرکوز کرتا ہے۔ کئی بار لوگ دوسروں کی کامیابی کو دیکھ کر یہ بھول جاتے ہیں کہ ہر کامیابی کے پیچھے قربانیاں، ناکامیاں اور مشکلات ہوتی ہیں۔ جو چیز ہمیں باہر سے آسان نظر آتی ہے، اس کے پیچھے برسوں کی محنت اور صبر چھپا ہو سکتا ہے۔ اس لیے دوسروں کی کامیابی پر حسد کرنے کے بجائے اس سے سیکھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ معاشرے میں بہتر ماحول قائم رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم ایک دوسرے کی عزت کریں اور لوگوں کی نجی زندگی میں غیر ضروری مداخلت نہ کریں۔ ہر انسان کو اپنی زندگی اپنے طریقے سے گزارنے کا حق حاصل ہے، اور دوسروں کے معاملات کا احترام ایک اچھی شخصیت کی نشانی ہے۔ بہت سے لوگ دوسروں کی غلطیوں پر نظر رکھنے میں اتنے مصروف ہو جاتے ہیں کہ اپنی خامیوں کو دیکھنا بھول جاتے ہیں۔ اگر انسان دوسروں پر تنقید کرنے کے بجائے خود کو بہتر بنانے پر توجہ دے تو وہ زندگی میں زیادہ کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ زندگی ایک محدود وقت ہے، اور اس وقت کو دوسروں کے پیچھے لگانے کے بجائے اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے میں استعمال کرنا چاہیے۔ جو انسان اپنی منزل پر توجہ رکھتا ہے، وہ دوسروں کی کامیابیوں سے پریشان نہیں ہوتا بلکہ انہیں ایک مثال کے طور پر دیکھتا ہے۔ کچھ لوگوں کی عادت بن جاتی ہے کہ وہ ہر بات میں دوسروں کا ذکر کرتے ہیں۔ انہیں اپنے کام، اپنی ترقی اور اپنی ذمہ داریوں سے زیادہ دوسروں کی سرگرمیوں میں دلچسپی ہوتی ہے۔ یہ رویہ آہستہ آہستہ انسان کی شخصیت کو کمزور کر دیتا ہے اور اسے اپنی اصل صلاحیتوں سے دور لے جاتا ہے۔ اصل سمجھداری یہ ہے کہ انسان دوسروں کے بارے میں جاننے کے بجائے اپنے بارے میں سوچے۔ اپنی غلطیوں کو پہچانے، اپنی عادات کو بہتر کرے اور اپنی زندگی کو ایک مثبت سمت میں لے کر جائے۔ یہی راستہ حقیقی کامیابی اور عزت کی طرف جاتا ہے۔ دوسروں کی زندگیوں کا جائزہ لینے سے کبھی کسی کی اپنی زندگی بہتر نہیں ہوتی۔ بہتری ہمیشہ اس وقت آتی ہے جب انسان خود پر کام کرتا ہے، نئے ہنر سیکھتا ہے اور اپنے مقاصد کے لیے مسلسل کوشش کرتا ہے۔ انسان کو چاہیے کہ دوسروں کی خوشیوں میں خوش ہونا سیکھے اور ان کی کامیابیوں کو مثبت انداز میں دیکھے۔ ایک اچھا دل رکھنے والا انسان دوسروں کی ترقی سے جلتا نہیں بلکہ ان کے لیے دعا کرتا ہے اور خود بھی محنت کرنے کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ جو لوگ ہر وقت دوسروں کے معاملات میں الجھے رہتے ہیں، وہ اکثر اپنی زندگی کے اہم مواقع کھو دیتے ہیں۔ کیونکہ ترقی کے لیے ضروری ہے کہ انسان اپنی توانائی صحیح جگہ استعمال کرے اور اپنی توجہ ان چیزوں پر رکھے جو اسے آگے بڑھا سکتی ہیں۔ ایک کامیاب اور خوشحال زندگی کے لیے ضروری ہے کہ انسان اپنے وقت، سوچ اور جذبات کی حفاظت کرے۔ دوسروں کے معاملات میں غیر ضروری دلچسپی کم کر کے اپنی شخصیت، کردار اور مستقبل پر توجہ دینا ہی اصل کامیابی ہے۔ انسان کو دوسروں کے راستوں کو دیکھنے کے بجائے اپنے سفر پر توجہ دینی چاہیے۔ دنیا میں ہر شخص اپنی جنگ لڑ رہا ہے، اس لیے بہتر یہی ہے کہ ہم اپنی محنت، اپنی ترقی اور اپنی زندگی کو بہتر بنانے پر توجہ دیں۔ جب انسان اپنی ذات کو بہتر بنانے میں مصروف ہو جاتا ہے تو اسے دوسروں کے معاملات میں جھانکنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ اصل کامیابی یہی ہے کہ انسان خود کو کل سے بہتر بنائے اور اپنی زندگی کو مثبت سوچ، محنت اور اچھے کردار کے ساتھ آگے لے کر چلے۔

کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی: اقوام متحدہ کے نام ایک کھلا خط

بین الاقوامی برادری کو یہ تسلیم کرنا چاہیے کہ کالعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی جانب سے آزاد جموں و کشمیر کے بحران کو انتہائی خطرناک حد تک توڑ مروڑ کر پیش کیا جا رہا ہے، جو کہ انتخابی جمہوریت کو مسترد کرتی ہے اور بیلٹ بکس کے بجائے ہجوم کی حکمرانی پر بھروسہ کرتی ہے۔ حکومت پہلے ہی اڑتیس میں سے پینتیس مطالبات تسلیم کر چکی ہے، جن میں بجلی اور آٹے پر دی جانے والی سبسڈی بھی شامل ہے، جبکہ واحد باقی ماندہ مسئلہ بی یعنی بھارت کے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں و کشمیر کے مہاجرین کے لیے بارہ مخصوص نشستیں ہی خالصتاً آئینی ہے اور اسے سڑکوں پر اور جتھے کے دباؤ سے حل نہیں کیا جا سکتا، تاہم کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی قانونی عمل سے انکاری ہے۔ مالیاتی طور پر آزاد کشمیر ساڑھے تین سو ارب روپے کے اخراجات کے مقابلے میں صرف پینسٹھ ارب روپے جمع کرتا ہے اور اس تمام خسارے کو پاکستان پورا کرتا ہے، جس سے کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کا یہ دعویٰ بالکل بے معنی ہو جاتا ہے کہ مخصوص نشستیں مقامی فنڈز کھا رہی ہیں۔ پھر جغرافیائی طور پر دریائے جہلم مقبوضہ جموں و کشمیر سے نکلتا ہے اور آزاد کشمیر سے صرف گزرتا ہے، اس کے باوجود کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی اس کے پن بجلی کے فوائد تو حاصل کرنا چاہتی ہے لیکن اسی مقبوضہ کشمیر کے مہاجرین کو نمائندگی دینے سے انکار کرتی ہے، جو کہ ان کی واضح منافقت کو بے نقاب کرتا ہے۔ اس گروپ کا تمبر کے ڈنڈے سے متعلق ثقافتی دعویٰ جھوٹا ہے اور نو جون کا ان کا مارچ، جس کا مقصد مظفرآباد پر مسلح حملہ کرنا تھا، خونریزی سے بچنے کے لیے راولاکوٹ کے مقام پر روک دیا گیا، جبکہ ان کی اقوام متحدہ میں پٹیشن دائر کرنے کی دھمکی اس معاملے کو غلط رنگ دیتی ہے، کیونکہ اصل خلاف ورزیاں خود کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کے پرتشدد ہتھکنڈوں کا نتیجہ ہیں۔ کئی ماہرین نے یہ تجویز بھی دی ہے کہ آزاد کشمیر کو پاکستان کا ایک مکمل صوبہ بنا دیا جائے تاکہ مخصوص نشستیں مستقل طور پر ختم ہو سکیں اور این ایف سی (NFC) کے زیادہ فوائد اور قومی اسمبلی میں نمائندگی حاصل ہو سکے۔ یہ ایک ایسا جمہوری راستہ ہے جسے کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی تشدد کے حق میں مسترد کرتی ہے، جس نے سیاحت اور کاروبار کو بند کر کے، طلبہ کو اسکولوں، مریضوں کو ہسپتالوں اور مزدوروں کو روزی روٹی کمانے سے روک کر عام شہریوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے، جبکہ انٹرنیٹ کی بندش اور اشیائے خورد و نوش کی آسمان کو چھوتی قیمتوں (جو کہ قریبی پاکستانی شہروں سے زیادہ ہیں) نے ایک شدید معاشی بحران پیدا کر دیا ہے۔ یہ کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کی طرف سے کی جانے والی حقیقی انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ہیں۔ بھارت اور اس کا میڈیا اس افراتفری پر جشن منا رہے ہیں، جو کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کی مشکوک وابستگیوں کو ظاہر کرتا ہے جبکہ آزاد کشمیر کے عام باشندے خود کو اس گروپ سے الگ کر رہے ہیں اور معمول کی زندگی کے لیے تڑپ رہے ہیں۔ پاکستان اس آزاد کشمیر کو مکمل طور پر سنبھالتا ہے، جو اپنے طور پر کچھ پیدا نہیں کرتا اور پاکستانی سپلائی کے بغیر اس کا چلنا مشکل ہو جائے گا؛ اس کے باوجود کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں نے پاکستان کے تمام صوبوں کے ان شہداء کی شرمناک توہین کی ہے جنہوں نے کشمیر کے لیے اپنی جانیں قربان کیں اور یہاں تک کہ پاک فوج میں شامل کشمیری سپاہیوں کو بغاوت پر اکسایا جو کہ غداری کا فعل ہے۔ اس کے باوجود، پاکستان اور پاک فوج کے لیے کشمیریوں کی بے پناہ محبت ناقابلِ شکست ہے اور تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ اس شرپسند دھڑے کے ساتھ ان کی غداری اور شرپسندی کی وجہ سے سختی سے نمٹا جانا چاہیے۔ کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی بھارت اور پاکستان دونوں کے ساتھ ایک ہی ترازو جیسا سلوک کر رہی ہے، جو کہ سراسر ناانصافی اور ظلم ہے۔ آزاد کشمیر کے لیے پاکستان کا عظیم اور مثبت کردار اور مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے مظالم پوری دنیا کے سامنے ہیں۔ کشمیریوں کا حتمی مقدر پاکستان ہے اور وہ ان تمام عناصر کو مسترد کرتے ہیں جو پاکستان اور آزاد کشمیر کے درمیان خلیج پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی اسی تھالی میں چھید کر رہی ہے جس میں وہ کھا رہی ہے، یعنی جس ہاتھ سے کھانا ملتا ہے اسی کو کاٹ رہی ہے۔ کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی پاکستان کے لیے کشمیریوں کے ذہنوں میں تقسیم اور نفرت کے بیج بو رہی ہے۔ لوگ اور تجزیہ کار کہتے ہیں کہ موجودہ مالیاتی بحران میں ایک شخص کے لیے ایک شہر سے دوسرے شہر جانا انتہائی مشکل ہے کیونکہ اس پر بہت زیادہ لاگت آتی ہے، لیکن کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی بغیر کسی ظاہری مالیاتی مسائل کے آزاد کشمیر میں لوگوں کے جتھوں کو متحرک کر رہی ہے۔ لوگوں اور ماہرین کے لیے، یہ واضح طور پر ظاہر کرتا ہے کہ وہ ہمارے دشمنوں سے بیرونی فنڈنگ حاصل کر رہی ہے اور اس رقم کو آزاد کشمیر کے امن کو سبوتاژ کرنے کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کے اقدامات اب ریاست اور اس کے اداروں کے خلاف مسلح تشدد اور کھلی غداری میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ معاشرے میں نفرت، تقسیم اور منفیت پھیلانا معاشرے کی بہبود نہیں اور نہ ہی یہ انسانی حقوق کا معاملہ ہے؛ یہ قومی سلامتی اور بقا کا معاملہ ہے۔ یہ بات بھی نوٹ کی جانی چاہیے کہ آزاد کشمیر کی صورتحال مقبوضہ کشمیر سے بالکل مختلف ہے۔ مقبوضہ کشمیر کو بھارتی حکومت کی جانب سے بدترین مظالم اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا سامنا ہے، جبکہ آزاد کشمیر میں کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی نے یہ مصنوعی صورتحال پیدا کی ہے اور وہ اپنے غیر قانونی اور غیر حقیقت پسندانہ مطالبات کی وجہ سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور سنگین غداری میں ملوث ہے۔ آزاد کشمیر کے معاملے میں ریاست کا کردار شاندار رہا ہے اور اس نے اس گروپ سے نمٹنے میں بے مثال صبر اور ضبط کا مظاہرہ کیا ہے۔ کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کے گھناؤنے اقدامات عوامی حقوق سے کوسوں دور ہیں۔ سادہ الفاظ میں پاکستانی پرچم جلانا، پاکستان اور پاک فوج کے خلاف نعرے بازی کرنا، پاک فوج میں خدمات انجام دینے والے کشمیریوں کو بغاوت کرنے اور پاکستان کے خلاف لڑنے کے لیے کہنا، سویلین اور سرکاری اثاثوں پر حملے کرنا، ہسپتالوں پر حملے کرنا، قانون نافذ کرنے والے اداروں پر فائرنگ کرنا، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پاک فوج کے اہلکاروں کو منگلا ڈیم میں پھینکنے کی دھمکیاں دینا، مظفرآباد اور اسلام آباد پر ہجوم کے حملے کی دھمکیاں دینا اور اس طرح کے بہت سے دوسرے اقدامات عوامی حقوق نہیں ہیں۔ سادہ الفاظ میں یہ گھناؤنے اقدامات دہشت گردی کی بدترین شکل ہیں اور اس طرح کے اقدامات کے ساتھ دنیا میں کہیں بھی سختی سے نمٹا جاتا ہے۔ آزاد کشمیر کے عوام حکومت سے ریاست کی رٹ بحال کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں اور وہ ایسے پرتشدد مظاہروں سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتے ہیں جو انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی کر رہے ہیں، آزاد کشمیر کے تاریخی اور مثالی امن کو تباہ کر رہے ہیں اور خطے کے کاروبار اور معمولات زندگی کو تباہ کر رہے ہیں۔ آزاد کشمیر میں انٹرنیٹ بند ہے اور یہ صرف کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی اور ریاست اور اس کے اداروں کے خلاف ان کے جھوٹے پروپیگنڈے کی وجہ سے ہے۔ کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی نے آزاد کشمیر کو قدیم اور پتھر کے دور میں دھکیل دیا ہے، جس سے تمام ترقی رک گئی ہے۔ راولاکوٹ میں دھرنا دیے بیٹھے کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کے قائدین اور ارکان ریاست اور اس کی رٹ کے لیے بڑا خطرہ بنے ہوئے ہیں۔ وہ ریاست، پاکستان اور پاک فوج کے خلاف کھلم کھلا تقاریر اور نعرے بازی کر رہے ہیں۔ وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنا رہے ہیں اور مایوسی کے عالم میں بچوں اور عورتوں کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ان کے پاس اسلحہ بھی ہے۔ صرف قانونی اور آئینی معاملات کی خاطر انہوں نے پوری ریاست کو پریشان اور یرغمال بنا رکھا ہے۔ وہ نام نہاد تحریک جو عوامی حقوق کے نام پر شروع کی گئی تھی اب ریاست اور اس کی مشینری کے خلاف ایک بغاوت اور مسلح تحریک میں تبدیل ہو چکی ہے۔ نیز، چند عناصر کی جانب سے راولاکوٹ دھرنے کو سانحہ کربلا سے تشبیہ دینا بھی غلط ہے اور یہ کربلا کے حقیقی جذبے سے میل نہیں کھاتا۔ یہاں راولاکوٹ دھرنے کے کیس میں، اسلامی تعلیمات اور مہذب اصولوں کے مطابق، یہ بات بالکل واضح ہے کہ ریاست حق پر ہے اور مظاہرین غلط ہیں۔ ریاست نے انتہائی رواداری اور صبر کا مظاہرہ کیا ہے، لیکن اب لوگ کہتے ہیں کہ اگر حکومت ایسے فسادیوں سے سختی سے نمٹنے کا فیصلہ کرتی ہے، تو آزاد کشمیر کے عوام اس فیصلے کا گرمجوشی سے خیر مقدم کریں گے کیونکہ اس کا مقصد ریاست میں امن کو یقینی بنانا اور انسانی

چند افراد کی غلطی، پورے شعبے پر سوال کیوں؟


تحریر یونس شہبازی

پنجاب کے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے حالیہ بیان نے سرکاری اساتذہ میں شدید ردِعمل پیدا کیا ہے۔ اساتذہ تنظیموں نے بیان کو اپنی تضحیک قرار دیتے ہوئے وزیر تعلیم سے معافی کا مطالبہ کیا، جبکہ وزیر تعلیم کا مؤقف ہے کہ ان کی تنقید تمام اساتذہ پر نہیں بلکہ صرف ان عناصر پر تھی جو بدعنوانی اور بے ضابطگیوں میں ملوث ہیں اور ان کے پاس اس حوالے سے شواہد بھی موجود ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس معاملے کو جذبات کے بجائے حقائق کی روشنی میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ ہمارے سرکاری تعلیمی نظام میں ہزاروں ایسے اساتذہ موجود ہیں جو انتہائی دیانت داری، محنت اور خلوص سے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ ایسے اساتذہ قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی خدمات کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ بعض علاقوں میں ایسے عناصر بھی موجود ہیں جو اپنی ذمہ داریوں سے غفلت برتتے ہیں۔ دور دراز علاقوں کے بعض سرکاری اسکولوں میں نہ تو باقاعدہ نگرانی ہوتی ہے اور نہ ہی محکمہ تعلیم کے افسران مؤثر انداز میں دورے کرتے ہیں۔ نتیجتاً کئی مقامات پر تدریسی معیار متاثر ہوتا ہے، جعلی انرولمنٹ کے الزامات سامنے آتے ہیں اور صرف کاغذی کارکردگی دکھا کر اچھے نتائج کا تاثر دیا جاتا ہے۔ اس کا سب سے بڑا نقصان ان معصوم طلبہ کو ہوتا ہے جن کا مستقبل معیاری تعلیم نہ ملنے کی وجہ سے متاثر ہوتا ہے۔ اگر واقعی کہیں سرکاری املاک کی چوری، جعلی اندراج یا تدریسی غفلت کے شواہد موجود ہیں تو ایسے افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے۔ لیکن دوسری طرف یہ بھی ضروری ہے کہ چند افراد کی غلطیوں کا بوجھ پورے تدریسی طبقے پر نہ ڈالا جائے۔ ایک ذمہ دار قیادت کا فرض ہے کہ وہ اچھا کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرے اور بدعنوان عناصر کا بلاامتیاز احتساب کرے۔ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی کی بنیاد ہوتی ہے۔ اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ اساتذہ اور حکومت ایک دوسرے کے مدِمقابل آنے کے بجائے تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے مل کر کام کریں۔ مؤثر نگرانی، شفاف احتساب، میرٹ پر فیصلے اور ایماندار اساتذہ کی عزت و تکریم ہی وہ راستہ ہے جو ہمارے تعلیمی نظام کو مضبوط اور طلبہ کے مستقبل کو محفوظ بنا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 1

یخی پذیرائی دشمن سے ہضم نہیں ہورہی، پاکستانی قوم اپنے وطن کی حفاظت اور دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملانے کے لیے پُرعزم ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 2

چینل جیو نیوز کے مطابق مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی سرکاری قیمت 308 روپے فی کلو مقرر ہے تاہم لاہور میں مختلف دکاندار ایل پی جی 480 سے 500 روپے فی کلو تک فروخت کررہے ہیں۔ مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ دکاندار اپنی مرضی سے روز 10 سے 20 روپے فی کلو تک اضافہ کرتے ہیں، من مانے نرخوں کی وجہ سے گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا ہے کہ ایل پی جی کی بلیک قیمت پر ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہوگی، مارکیٹنگ کمپنیوں کو بھی نوٹس بھجوائے رہے ہیں، متعلقہ ادارے سرکاری نرخ نامے پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 3

بلوچستان کے وفد نے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی، ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، بلوچستان کے معاملات اور پارٹی کے تنظیمی امور پر بات چیت کی گئی۔ چودھری شجاعت حسین نے کہا کہ بلوچستان میں قیام امن کے حوالے سے پاکستان کی مسلح افواج کا کلیدی کردار ہے، پاکستان کی بہادر افواج ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے لازوال قربانیاں دے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی سیاست کی ہے، پارٹی نے بلوچستان میں ہمیشہ غریب عوام کا ساتھ دیا ہے، بلوچستان کے عوام کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی اور ناانصافی برداشت نہیں۔ چودھری شجاعت حسین نے کہا کہ پارٹی بلوچستان کے عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 4

فائرنگ اور خودکش دھماکے کیے گئے جوابی کارروائی میں تمام دہشت گرد مارے گئے، کچھ اہلکار شہید اور زخمی بھی ہوئے ہیں۔ اس سے قبل ذرائع کا کہنا تھا کہ دھماکا اور فائرنگ رینجرز کے دفتر کے قریب ہوئی ہے پہلے دھماکا ہوا جس کی آواز کئی کلومیٹر دور تک سنی گئی اس کے بعد فائرنگ کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی اداروں کی جانب سے متعدد افراد کو بھی حراست میں لیا جارہا ہے، اطراف کو ٹریک چمن اقبال کالونی کو بھی ٹریفک کے لیے بند کردیا گیا ہے۔ ذرائع کا بتانا تھا کہ ٹی سی رینجرز ہیڈ کوارٹر کے مرکزی دروازے پر دستی بم حملہ کیا گیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا تھا کہ فائرنگ کا سلسلہ تھم گیا ہے واقعے کی نوعیت جاننے کے لیے ادارے تحقیقات کررہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے موسمیات چورنگی کے قریب فائرنگ کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی سندھ اور ایڈیشنل آئی جی کراچی سے رابطہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ایڈیشنل آئی جی کراچی سے رپورٹ طلب کرلی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 5

لیے خطرناک ہے بلکہ جدید ٹیکنالوجی کی بدولت ایسے تمام راستوں کی نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔ ادارے کی جانب سے جاری کردہ آگاہی مہم میں بتایا گیا ہے کہ یہ تصور اب پرانا ہو چکا ہے کہ غیر قانونی طور پر سرحدیں عبور کرکے یورپ پہنچنا آسان ہے۔ یورپی یونین نے سرحدی نگرانی کے لیے جدید اور مؤثر نظام متعارف کرا رکھے ہیں، جن کے باعث غیر قانونی نقل و حرکت کا پتہ لگانا پہلے سے کہیں زیادہ آسان ہوگیا ہے۔ Europe illegally بیورو کے مطابق سرحدی علاقوں میں نصب تھرمل کیمرے رات کے اندھیرے میں بھی کئی کلومیٹر دور موجود افراد کی نقل و حرکت کو شناخت کر سکتے ہیں، اسی طرح بارڈر سیکیورٹی کے لیے استعمال ہونے والے جدید سینسر زکنٹینرز اور گاڑیوں کے اندر چھپے افراد کی موجودگی کا سراغ لگا لیتے ہیں۔ اعلامیے میں مزید بتایا گیا ہے کہ بائیومیٹرک نظام کے تحت مسافروں کے فنگر پرنٹس اور چہرے کے نقوش محفوظ کیے جاتے ہیں، جس کے باعث ایک بار شناخت ہونے کے بعد کسی شخص کے لیے دوبارہ غیر قانونی طریقے سے داخل ہونا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ سرحدی نگرانی کے لیے ڈرونز اور دیگر فضائی ٹیکنالوجی بھی استعمال کی جا رہی ہے، جو دشوار گزار علاقوں میں نقل و حرکت پر مسلسل نظر رکھتے ہیں اور سیکیورٹی اداروں کو فوری معلومات فراہم کرتے ہیں۔ بیورو آف ایمیگریشن نے خبردار کیا ہے کہ انسانی اسمگلروں کے جھانسے میں آکر لوگ اپنی جمع پونجی سے محروم ہو جاتے ہیں جبکہ متعدد افراد گرفتاری، ملک بدری یا جان کے نقصان جیسے سنگین خطرات سے بھی دوچار ہوتے ہیں۔ ادارے نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ بیرون ملک روزگار کے لیے صرف قانونی اور محفوظ راستوں کا انتخاب کریں، اس مقصد کے لیے بیورو آف ایمیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کی ویب سائٹ پر موجود مستند معلومات اور روزگار کے مواقع سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 6

سے پاکستان کی معیشت کو بہتری کی جانب لے جانے میں مدد ملے گی، اسرائیل تباہی کے راستے پر چل رہا ہے اور میرا یقین ہے کہ اس کی تباہی یقینی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اسرائیل عالمی سطح پر تنہا ہوتا جارہا ہے اور یورپی یونین سمیت امریکہ بھی اس سے پیچھے ہٹ رہا ہے، امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ کے اثرات آئندہ دو سال تک برقرار رہیں گے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ ایران پر عائد امریکی پابندیاں ختم ہوتے ہی پاکستان ایران سے تیل خریدنے کے فیصلے پر غور کرے گا، بھارت فتنہ الخوارج کی مالی معاونت کررہا ہے، تاہم پاکستانی سکیورٹی فورسز بھارتی پراکسیز کے خلاف مؤثر کارروائیاں کررہی ہیں۔ رانا تنویر حسین نے سیاسی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اگر پاکستان تحریک انصاف ایک حقیقی سیاسی جماعت کے طور پر کردار ادا کرے تو اس کے ساتھ ہر سطح پر مذاکرات کیے جاسکتے ہیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ اگر کوئی جماعت عوام اور ملک کے ساتھ مخلص ہے تو اسے میثاق جمہوریت کی طرف آنا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مزید کہا کہ وہ پہلے اپنے لیڈر کے متعلق پیش گوئی کرلیں پھر وزیر اعظم کی طرف آئیں۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 7

پراکسی ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ 27 جون کو دہشت گردوں نے پاکستان رینجرز (سندھ) کے کیمپ کو نشانہ بنایا، تاہم جماعت الاحرار کے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنا دیا گیا، حملے کے دوران وطن کے 3 بہادر سپوت شہید اور 4 اہلکار زخمی ہوگئے ہیں۔ حملہ آوروں نے کیمپ کے مین گیٹ پر دھماکے کے بعد حفاظتی حصار توڑنے کی کوشش کی، تاہم رینجرز کے چوکس اور پرعزم جوانوں کے فوری جواب سے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنا دیا گیا۔ رینجرز اہلکاروں کی جوابی کارروائی میں 3 دہشت گرد ہلاک ہوگئے اور ایک کو زندہ لیکن زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، جس کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ وہ افغان شہری ہے۔ آئی ایس پی آر نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان جوانوں کی شہادت کا بدلہ لینے کے لیے دہشت گردوں کے خلاف جوابی کارروائیاں کرے گا، دریں اثنا، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے بہادر جوانوں کے اہل خانہ کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ قربانیاں قوم کی حفاظت کے لیے ہمارے اٹل عزم کو مزید تقویت دیتی ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 8

والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، شہداء کی قربانیاں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے قومی عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کراچی میں پاکستان رینجرز (سندھ) کے کیمپ پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کو ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آپریشن کے دوران وطن پر اپنی جانیں نچھاور کرنے والے شہداء کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے، ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، شہداء کے اہل خانہ کو اللہ صبر عطا فرمائے اور زخمیوں کو جلد از جلد صحت یاب کرے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، دہشت گردی کے ہر فتنے کا پوری قوت سے خاتمہ کیا جائے گا، فتنہ الہندوستان اور اس کے سرپرست اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ قوم اپنی بہادر مسلح افواج، رینجرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک ہماری جدوجہد پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رہے گی۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 9

۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ خطے میں امن کا خواہاں ہے اور اسی پالیسی کو آگے بڑھایا جارہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر میں جو لوگ آئین و قانون کو نہیں مانتے، ان سے مذاکرات ممکن نہیں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہٹ دھرمی سے مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ مسائل مزید پیچیدہ ہو جاتے ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ فیڈریشن مضبوط ہوگی تو ملک بھی مضبوط ہوگا، اس لیے تمام سیاسی و انتظامی قوتوں کو قومی مفاد میں اتحاد اور اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 10

کارروائی ہوگی، امید ہے کہ یہ معاملہ اپنے منطقی انجام تک پہنچے گا بلکہ اصل حقائق سب کے سامنے آئیں گے۔ نجی ٹی وی ”سماء نیوز“ سے گفتگو کرتے ہوئے عطا اللہ تارڑ نے کہنا تھا کہ مذہب کے حوالے سے جتنا مواد ہوتا ہے اس میں بہت احتیاط برتنے کی ضرورت ہے کیونکہ اس میں لوگوں کے جذبات بھی مجروح ہوتے ہیں، مقدس ہستیوں کا ایک درجہ ہے، ہم انہیں نہ صرف عزت و احترام کی انتہا پر دیکھتے ہیں بلکہ ہمارے جذبات و احساسات بھی ان ہستیوں کیساتھ منسلک ہیں۔ جب بھی تصویر کشی یا تصوراتی عکاسی کی بات آئے یہ بہت حساس ایشو ہے، جس میں گریز کرنا چاہیے، پیمرا نے ایک قانونی آرڈر پاس کیا ہے جس کے تحت یہ معاملہ آگے بڑھے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں ہمیں اپنے جذبات کو قابو میں رکھنا ہے، دیکھنا ہوگا کہ کیا وجوہات تھیں جن کی بناء پر ایسا ہوا، مزید یہ کہ ایسے واقعات مستقبل میں نہ ہوں اور مذہب کو لے کر نشریات میں ہمیں بہت احتیاط کی ضرورت ہے، اکثر اوقات دیکھنے میں آیا ہے کہ مذہب کے حوالے سے کوئی بھی نشریات یا پروگرام ہوتے ہیں تو اس میں معاملات کئی دفعہ شو کے شرکاء کے ہاتھ سے بھی باہر نکل جاتے ہیں، اس لئے اس میں جتنی احتیاط کی جائے اتنا بہتر ہے، احتیاط ہم سب پر لازم ہے، یہ ایک انتہا کا ادب کا درجہ ہے، ایک عزت و احترام کا مقام ہے، جس پر ہمیں تصویر کشی اور تصوراتی عکاسی کی طرف کسی صورت بھی نہیں جانا چاہیے۔ عطا اللہ تارڑ کا کہنا تھا کہ قانون کے مطابق پیمرا نے بروقت نوٹس جاری کیا ہے، جس کے تحت آگے قانونی کارروائی ہوگی، مگر ہمیں قانون کو اپنے ہاتھ میں نہیں لینا ان معاملات پر علماء دین کو بھی فالو کرنا ہے، ساتھ ساتھ یہ بھی دیکھنا ہے کہ کیا ایسے اقدامات کئے جاسکتے ہیں کہ آئندہ ایسے واقعات رونما نہ ہوں، ان کا کہنا تھا کہ پیمرا کا آرڈر بالکل کلیئر ہے اس میں وہ تمام شقیں درج کی گئی ہیں جن کے تحت یہ معاملات کئے گئے ہیں، امید ہے کہ یہ معاملہ اپنے منطقی انجام تک پہنچے گا بلکہ اصل حقائق سب کے سامنے آئیں گے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 11

ٹرمپ نے لکھا کہ امریکہ نے ایران میں ایک بار پھر حملے کیے ہیں جن میں میزائل اور ڈرون ذخیرہ کرنے کی تنصیبات اور ساحلی ریڈار سائٹس کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کارروائی ایران کی جانب سے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کے جواب میں کی گئی ہے، امریکی فضائیہ نے ابھی ایران کے میزائل اور ڈرون ذخیرہ کرنے والے مقامات اور ساحلی ریڈار سائٹس پر حملے کیے ہیں، انہوں نے جنگ بندی معاہدے کی دوبارہ خلاف ورزی کی ہے، یہ ممکن ہے کہ وہ کبھی نہیں سیکھیں گے۔ صدر ٹرمپ نے مزید سخت لہجہ اختیار کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ مستقبل میں مزید کارروائی بھی کرسکتا ہے، ایسا وقت بھی آ سکتا ہے جب ہم مزید تحمل نہیں دکھا سکیں گے اور ہمیں وہ کام فوری طور پر مکمل کرنا پڑے گا جس کی ہم نے بہت کامیابی سے ابتدا کی ہے، اگر ایسا ہوا تو اسلامی جمہوریہ ایران کا وجود باقی نہیں رہے گا۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 12

بیوی شدید زخمی ہوگئی جبکہ دونوں کمسن بیٹیاں محفوظ رہیں۔ مقتول تاجر علی جمیل کی نماز جنازہ آج طارق روڈ کی رحمانیہ مسجد میں ادا کی جائے گی۔ کراچی موبائل اینڈ الیکٹرونکس ڈیلرز ایسوسی ایشن نے قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ پولیس کے مطابق کراچی میں موبائل فون کا کاروبار کرنے والے علی جمیل اپنی بیوی اور دو بچیوں کے ہمراہ کوئٹہ کی سیر کیلئے آئے تھے۔ وہ کوئٹہ کے مختلف مقامات پر سیر و تفریح کے بعد جمعہ کی شب کراچی واپس جارہے تھے تو رات کو راستہ بھول جانے کے باعث قومی شاہراہ سے ہٹ کر دشت کے علاقے کھنڈ پہنچ گئے جہاں دہشت گردوں نے گاڑی روکنے کا اشارہ کیا تاہم نہ رکنے پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں علی جمیل موقع پر ہی ہلاک جبکہ ان کی بیوی عائشہ شدید زخمی ہوگئی۔ واقعے میں گاڑی میں سوار ان کی دونوں بچیاں محفوظ رہیں، زخمی خاتون کو کوئٹہ میں صوبائی سنڈیمن ہسپتال کے ٹراما سینٹر منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 13

سے کم قیمت ہم نے دی۔ حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کے لیے 130 ارب کی سبسڈی دی۔ موٹر سائیکل، ریلوے اور ٹرک والوں کو سبسڈی دی گئی، لیکن عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم نے کہا کہ خام تیل کی قیمت میں گراوٹ آئی ہے، تاہم قیمتیں ابھی جنگ سے پہلے والی سطح پر نہیں آئی ہیں۔ اگر قیمتیں کم ہوتی ہیں اور تو پٹرول پمپ پر بھی وہی قیمت ہوگی۔ پرویز ملک نے مزید کہا کہ عالمی مارکیٹ میں قیمت جیسے ہی 76 ڈالر کی سطح پر آئے گی عوام کو ریلیف دیں گے پٹرول کی قیمت کم کرنے میں ایک دن کی بھی تاخیر نہیں ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی دباؤ میں نہیں آئیں گے اور نہ ہی کسی کے دباؤ میں آکر فیصلہ کریں گے، جو حق اور سچائی کا راستہ ہوگا اس پر آواز اٹھاتے نظر آئیں گے۔ کسی کو نقصان ہو یا فائدہ وزیر اعظم نے مجھے کہا ہے میرٹ پر فیصلہ کرو۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ آر ایل این جی کنکشن جلد کھول دیے جائیں گے، جب کہ ایران سے تیل اور گیس سستا خریدنے پر غور کررہے ہیں۔ اپنے ایرانی بھائیوں کے ساتھ بیٹھ کر بات کریں گے، کم قیمت ہوگی تو ایل این جی خرید سکتے ہیں۔ علی پرویز ملک نے ایران گیس پائپ لائن منصوبے سے متعلق کہا کہ یہ معاملہ عدالت میں ہے۔ کیس کی پیروی کررہے ہیں اور ایرانی بھائیوں سے مل کر معاملات کو حل کریں گے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 14

ہ بخیریت گزر گیا، امن و امان کیلئے پاک فوج، وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ پنجاب کو سراہتے ہیں۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ آج اس خطے میں امن ہوگیا، ایران امریکا جنگ کا خاتمہ ہوا، جس کے بعد اب عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی آئی ہے۔ وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ پچھلے ہفتے جتنی قیمت کم ہوئی اس سے بڑھ کر ریلیف دیا گیا، وزیر اعظم شہباز شریف نے فوری فائدہ عوام کو منتقل کیا اور ہم نے عالمی منڈی سے زیادہ فائدہ عوام کو دیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کچھ عناصر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر لوگوں کو گمراہ کررہے ہیں، عالمی سطح پر کیے گئے معاہدوں پر رہتے ہوئے آگے چلیں گے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 15

2026 کے بجٹ میں وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے صوابدیدی فنڈ میں غیر معمولی اضافہ کرتے ہوئے 780 فیصد بڑھا دیا گیا ہے۔ اگلے مالی سال کے بجٹ میں وزیر اعلیٰ کے پی کے لیے صوابدیدی فنڈ میں 4 ارب 40 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ بجٹ دستاویز کے مطابق رواں مالی سال 26-2025 میں وزیر اعلیٰ کے صوابدیدی فنڈ کے لیے 50 کروڑ روپے مختص تھے اور حالیہ اضافہ موجودہ فنڈ سے 780 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 16

بیان میں کہا کہ ایران کے جنوبی شہر سیرک پر امریکی حملہ آبنائے ہرمز پر ایران کی برتری کو ختم نہیں کرسکتا۔ بیان میں کہا گیا کہ ایران کی جانب سے قواعد کی خلاف ورزی کرنے والے بحری جہازوں پر فائرنگ کا مقصد دیگر جہازوں کو یہ یاد دلانا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے واضح اور مقررہ راستے پر عمل کرنا ضروری ہے۔ پاسدارانِ انقلاب کی بحریہ نے مزید کہا کہ خطے میں موجود امریکی فوجی اڈوں کا معاملہ الگ ہے اور وہ آنے والے دنوں میں جہنم کا سامنا کریں گے۔ ایرانی بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ حالیہ دنوں میں دونوں ممالک کی جانب سے ایک دوسرے پر حملوں اور جوابی اقدامات کے دعوے کیے گئے ہیں، جس کے باعث پورے مشرقِ وسطیٰ میں سکیورٹی خدشات بڑھ گئے ہیں۔ تاحال امریکی حکام نے ایرانی پاسدارانِ انقلاب کے اس تازہ بیان پر کوئی باضابطہ ردعمل جاری نہیں کیا۔ تاہم خطے کی مجموعی صورتحال پر عالمی برادری گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 17

جماعت پیپلز پارٹی پر تنقید کے نشتر چلا دیے اور کہا کہ بجلی ہے، نہ گیس، اور نہ ہی پانی۔ سندھ والوں کا حق مارا جارہا ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ بلاول بھٹو نے قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے خلاف تقریر کی اور وزارتوں سے استعفیٰ دینے کا کہا۔ سندھ سے ہونے والی زیادتیوں پر آپ صدر زرداری کا استعفیٰ لائیں اور پی پی قیادت مستعفی ہوتو بدلے میں ایم کیو ایم اپنی دونوں وزارتوں سے استعفیٰ دے دے گی۔ ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی مقبولیت نہیں، کارکردگی کی بنیاد پر عوام پیپلز پارٹی کو ووٹ نہیں دیتی۔ پی پی کو الیکٹ ایبلز کی وجہ سے حکومت ملی۔ مخصوص شخصیات کو ہٹا دیں تو پیپلز پارٹی بعض علاقوں سے نہیں جیت سکتی۔ بجارانی، مہر اور شیخ جیسے افراد آزاد الیکشن لڑیں تو پیپلز پارٹی کی اکثریت ختم ہوجائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ کے اصل مسائل پر پیپلز پارٹی لب کشائی نہیں کرتی۔ پی پی سندھ کے مسائل پر لڑے، اس کو کس نے روکا ہے۔ ارسا کے مسئلے پر پیپلز پارٹی میدان میں نکلے، ایم کیو ایم ساتھ ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ پیپلز پارٹی دودھ کی دھلی نہیں، اس کے خلاف بھی پٹیشن موجود ہے۔ سندھ حکومت مسائل کے حل کے لیے پالیسی نہیں دیتی، اختیارات کی منتقلی کے بغیر مسائل حل نہیں ہوں گے۔ علی خورشیدی نے بجٹ پر کہا کہ بجٹ منظور ہوگیا، لیکن بجٹ پر کوئی بات نہیں ہوئی۔ یہ بجٹ سندھ کے عوام کو خسارے میں لے کر جارہا ہے، اگر یہ بہترین بجٹ ہے تو خراب بجٹ کیا ہوگا۔ سندھ کا پیسہ دیگر صوبوں میں لگ رہا ہے۔ حکومتی بصیرت غائب نظر آرہی ہے۔ خزانے خالی ہوں کوئی بات نہیں، حکومتی بصیرت خالی نہیں ہونی چاہیے۔ وفاقی حکومت سے ایم کیو ایم نے 15 ارب روپے لیے، جو دو سال سے پیپلز پارٹی کی حکومت روک کر رکھے ہوئے ہیں۔ سندھ حکومت 674 ارب روپے اپنے میئر کو دے دے، تو کراچی کے مسئلے حل ہو جائیں گے۔ لیکن سندھ میں دھندا لگایا ہوا ہے، پیسے دیے بنا کوئی کام نہیں ہوگا۔ ایم کیو ایم رہنما نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی وفاق سے تو تنخواہ میں 50 فیصد اضافے کا مطالبہ کرتی ہے، مگر اس نے خود سندھ کے بجٹ میں کتنی تنخواہ بڑھائی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 18

سکتا ہے۔ اپنے موبائل فون سے واٹر ٹینکر پر لگا بارکوڈ اسکین کرتے ہی ٹینکر، ڈرائیور، روٹ، ففنس اور پانی کے منبع کی مکمل تفصیلات سامنے آ جائیں گی۔ ہر رجسٹرڈ ٹینکر کی شناخت، ڈرائیور کی تصویر اور شناختی معلومات کی تصدیق بارکوڈ سے آسانی سے کی جا سکتی ہے۔ یہ بارکوڈ ٹریکنگ سسٹم غیر قانونی ٹینکر مافیا کے خاتمے کے لیے متعارف کرایا گیا ہے، شہری اپنے گھر آنے والے ٹینکر کا بارکوڈ اسکین کرکے اس کی قانونی حیثیت کی تصدیق ضرور کریں، کیوں کہ اس نظام کا مقصد غیر رجسٹرڈ ٹینکرز کی نشان دہی اور پانی کی ترسیل میں شفافیت لانا ہے۔ کراچی (28 جون 2026): شہر قائد میں چلنے والے تمام رجسٹرڈ واٹر ٹینکرز پر بارکوڈ سسٹم متعارف کروایا گیا ہے۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے ایک ویڈیو پیغام میں بتایا کہ پانی فراہم کرنے والا کون سا ٹینکر قانونی اور کون سا غیر قانونی ہے، یہ اب بارکوڈ کو اسکین کرکے فوری معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اپنے موبائل فون سے واٹر ٹینکر پر لگا بارکوڈ اسکین کرتے ہی ٹینکر، ڈرائیور، روٹ، ففنس اور پانی کے منبع کی مکمل تفصیلات سامنے آ جائیں گی۔ ہر رجسٹرڈ ٹینکر کی شناخت، ڈرائیور کی تصویر اور شناختی معلومات کی تصدیق بارکوڈ سے آسانی سے کی جاسکتی ہے۔ یہ بارکوڈ ٹریکنگ سسٹم غیر قانونی ٹینکر مافیا کے خاتمے کے لیے متعارف کرایا گیا ہے، شہری اپنے گھر آنے والے ٹینکر کا بارکوڈ اسکین کرکے اس کی قانونی حیثیت کی تصدیق ضرور کریں، کیوں کہ اس نظام کا مقصد غیر رجسٹرڈ ٹینکرز کی نشان دہی اور پانی کی ترسیل میں شفافیت لانا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 19

بٹ عرف پپو کا محلے کے ہی رہائشی شعیب بٹ کے بیٹوں دانیال اور فرجاد کے ساتھ جھگڑا ہوا تھا۔ زاہد بٹ نے شعیب بٹ کو سمجھانے کی کوشش کی تو ملزم طیش میں آ گیا اور اپنے بیٹوں کو آوازیں دیں۔ باپ کی آواز سنتے ہی ملزم شعیب بٹ کے بیٹوں دانیال اور فرجاد نے گھر سے باہر نکل کر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں زاہد بٹ عرف پپو آنکھ اور دماغ پر گولیاں لگنے کے باعث موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، جبکہ فائرنگ کی آوازسن کر باہر آنے والے مقتول کے بھتیجے حسین بٹ کو بھی پیٹ اور پسلی میں دو گولیاں لگیں، جس سے وہ شدید زخمی ہو گئے۔ زخمی نوجوان کو تشویشناک حالت میں سروسز ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جہاں وہ موت اور زندگی کی کشمکش میں ہے۔ پولیس نے تھانہ سمن آباد میں ملزمان شعیب بٹ، دانیال اور فرجاد کے خلاف قتل اور اقدام قتل سمیت دیگر سنگین دفعات کے تحت مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 20

4 ماہرین طلباء کو جدید ڈیجیٹل اور ای کامرس مہارتوں کی تربیت فراہم کررہے ہیں۔ منصوبہ کے تحت بلوچستان کے 150 سرکاری ونجی کالجز میں دسمبر 2026 تک ای کامرس لیبارٹریاں قائم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ بلوچستان کے 40 کالجز میں ای کامرس لیبارٹریاں مکمل یا تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ ای کامرس لیبارٹریوں کے ذریعے بلوچستان کے تقریباً 15 ہزار گریجویٹس کو ہر سال روزگار کے مواقع ملیں گے۔ ای کامرس لیبارٹریوں کا قیام بلوچستان میں ڈیجیٹل معیشت، ہنرمندی اور روزگار کے فروغ کیجانب اہم پیشرفت ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 21

تے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ہمیں ایک نیا سکیورٹی فریم ورک تشکیل دینا چاہئے جس میں خطے کے تمام ممالک شامل ہوں، اور اس میں خطے سے باہر کسی بھی ملک کی موجودگی یا مداخلت نہ ہو۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 22

تھا کہ جنگ کے خاتمے سے پاکستان کی معیشت کو بہتری کی جانب لے جانے میں مدد ملے گی، اسرائیل تباہی کے راستے پر چل رہا ہے اور میرا یقین ہے کہ اس کی تباہی یقینی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اسرائیل عالمی سطح پر تنہا ہوتا جارہا ہے اور یورپی یونین سمیت امریکہ بھی اس سے پیچھے ہٹ رہا ہے، امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ کے اثرات آئندہ دو سال تک برقرار رہیں گے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ ایران پر عائد امریکی پابندیاں ختم ہوتے ہی پاکستان ایران سے تیل خریدنے کے فیصلے پر غور کرے گا، بھارت فتنہ الخوارج کی مالی معاونت کر رہا ہے، تاہم پاکستانی سکیورٹی فورسز بھارتی پراکسیز کے خلاف مؤثر کارروائیاں کررہی ہیں۔ رانا تنویر حسین نے سیاسی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اگر پاکستان تحریک انصاف ایک حقیقی سیاسی جماعت کے طور پر کردار ادا کرے تو اس کے ساتھ ہر سطح پر مذاکرات کیے جاسکتے ہیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ اگر کوئی جماعت عوام اور ملک کے ساتھ مخلص ہے تو اسے میثاق جمہوریت کی طرف آنا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مزید کہا کہ وہ پہلے اپنے لیڈر کے متعلق پیش گوئی کرلیں پھر وزیر اعظم کی طرف آئیں۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 23

شمار کے مطابق مرکزی حکومتی قرضوں کی شرح نمو گزشتہ 15 برس کی کم ترین سطح پر آ گئی ہے۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق پاکستان کا مرکزی حکومتی قرض 81.9 کھرب روپے ہے جبکہ 97 سے 100 کھرب روپے کے جن اعداد و شمار کا حوالہ دیا جاتا ہے، ان میں نجی شعبے کے واجبات بھی شامل ہوتے ہیں۔ خرم شہزاد نے بتایا کہ پاکستان کا قرض برائے جی ڈی پی تناسب، جو پہلے تقریباً 70 فیصد تھا، کم ہو کر 68 فیصد رہ گیا ہے، 2023 میں حکومتی قرض بڑھنے کی رفتار 23 فیصد تھی، جواب کم ہو کر 5 فیصد رہ گئی ہے اور یہ گزشتہ ڈیڑھ دہائی کی کم ترین شرح ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی قرضوں کی اوسط مدت 2.8 سال سے بڑھ کر 3.8 سال ہوگئی ہے جس سے قرضوں کی واپسی کا خطرہ کم ہوا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 4.7 کھرب روپے کے مہنگے قرضے قبل از وقت ختم یا واپس کیے گئے جس کے باعث مالی سال 2026 میں سودی اخراجات 8.89 کھرب روپے سے کم ہو کر 6.94 کھرب روپے رہ گئے اور تقریباً 2 کھرب روپے کی بچت ہوئی۔ مشیر وزیر خزانہ کے مطابق مالی سال 2023 میں وفاقی آمدن کا 64 فیصد حصہ سود کی ادائیگی پر خرچ ہوتا تھا، جواب کم ہو کر تقریباً 40 فیصد رہ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری کے باعث درآمدی بل کی ادائیگی کی گنجائش 2 ہفتوں سے بڑھ کر تقریباً 3 ماہ تک پہنچ گئی ہے۔ قرضوں کی واپسی میں مثبت پیش رفت اور ذخائر میں اضافہ دیرپا حکومتی پالیسیوں اور مشترمعاشی اقدامات کا نتیجہ ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 24

رہے ایسا نہ ہو کہ ایران کا وجود ہی نہ رہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں کہا ہے کہ امریکی فضائیہ نے ایران کے میزائل اور ڈرون ذخائر، ساحلی ریڈار تنصیبات اور دیگر فوجی اہداف کو نشانہ بنایا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 25

رث ولد کمال، 18 سالہ عتیق ولد اختر، 26 سالہ اسماعیل ولد احمد اور 14 سالہ عالم ولد سرور شامل ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملنے پر ایدھی ایمبولینس موقع پر پہنچی اور تمام زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ابتدائی اطلاع کے مطابق حادثہ سوزوکی ڈرائیور کی تیز رفتاری کے باعث پیش آیا۔ پولیس حکام کے مطابق بونداباندی ہونے کے باعث سڑک پر پھسلن تھی جسکے باعث تیز رفتار سوزوکی ڈرائیور توازن برقرار نہ رکھ سکا اور حادثے کا شکار ہوگیا دیگر زخمی افراد بھی سوزوکی میں سوار تھے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 26

ہیں۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ امریکی فضائی حملوں کے جواب میں اس کی بحری اور ایرو اسپیس فورسز نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے بحرین اور کویت میں موجود امریکی فوجی تنصیبات کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 27

اور ملک میں امن کے قیام کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، اور پوری قوم ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے حملے میں شہید ہونے والوں کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس مشکل گھڑی میں پوری قوم غمزدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمہ اور پاکستان کے امن و سلامتی کے تحفظ کے لیے قومی سطح پر مشترکہ کوششیں پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 28

میں مددگار ثابت ہوگا۔ بحرین کے وزیر خارجہ نے جنگ بندی اور پاکستان کے کردار پر وزیر اعظم شہباز شریف، اسحاق ڈار اور متعلقہ قیادت کا شکریہ ادا کرنے کے لیے جلد پاکستان کا دورہ کرنے کا عندیہ دیا۔ اسحاق ڈار نے پاکستان کے امن، مذاکرات اور سفارت کاری کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ پاکستان خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کے فروغ کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 29

ظاہر نہ کرنے کی شرط پر گفتگو کرنے والے امریکی عہدیدار نے بتایا کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق بحرین اور کویت میں موجود امریکی فوجی اڈوں اور دیگر تنصیبات کو کوئی بڑا نقصان نہیں پہنچا۔ عہدیدار کے مطابق اب تک نہ کسی امریکی اہلکار کی ہلاکت یا زخمی ہونے کی تصدیق ہوئی ہے اور نہ ہی امریکی فوجی تنصیبات پر کسی بڑے نقصان کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صورتحال ابھی مکمل طور پر واضح نہیں ہوئی اور متعلقہ ادارے تمام اطلاعات کا جائزہ لے رہے ہیں۔ اس لیے مزید تفصیلات سامنے آنے کے بعد صورتحال کے بارے میں تازہ معلومات جاری کی جائیں گی۔ امریکی حکام کے مطابق خطے میں سکیورٹی کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے، جبکہ بحرین اور کویت میں تعینات امریکی افواج کو بھی ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ دوسری جانب ایران کی جانب سے ان حملوں یا امریکی دعووں پر فوری طور پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا۔ مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے باعث عالمی برادری بھی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 30

میں پاناما کے پرچم بردار ایک آئل ٹینکر پر مبینہ ایرانی ڈرون حملے کے جواب میں کی گئی۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کا کہنا ہے کہ فضائی حملوں میں ایران کے فوجی نگرانی کے نظام، مواصلاتی مراکز، فضائی دفاعی تنصیبات، ڈرون ذخیرہ گاہوں اور بارودی سرنگیں بچھانے کی صلاحیت سے متعلق اہداف کو نشانہ بنایا گیا۔ امریکی فوج کے مطابق یہ کارروائیاں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ہدایت پر انجام دی گئیں، جن کا مقصد آبنائے ہرمز میں بین الاقوامی بحری آمد و رفت کے تحفظ کو یقینی بنانا اور مستقبل میں ایسے حملوں کی روک تھام کرنا تھا۔ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ جاری کردہ ویڈیو میں فضائی کارروائی کے مختلف مناظر اور اہداف کو نشانہ بنانے کے لمحات دکھائے گئے ہیں۔ تاہم ایران کی جانب سے امریکی دعووں یا ویڈیو پر فوری طور پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین سمندری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں سے عالمی سطح پر تیل کی بڑی مقدار گزرتی ہے۔ اس حساس علاقے میں کشیدگی بڑھنے سے عالمی توانائی منڈیوں اور علاقائی سلامتی پر بھی گہرے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 31

سٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (جناح اسپتال) منتقل کردی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثے میں جاں بحق ہونے والے راہگیر کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی جبکہ ٹکر مارنے والی گاڑی اور اس کے ڈرائیور کے بارے میں بھی فوری طور پر کوئی معلومات سامنے نہیں آئیں۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں اور جاں بحق شخص کی شناخت کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 32

ایک وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران معروف پشتو گلوکار الماس خلیل، اکبر علی، گل جی، ست شاہ اور عمران نے اپنے ساتھیوں سمیت باضابطہ طور پر پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کر لی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے شامل ہونے والے فنکاروں کو پاکستان مسلم لیگ (ن) کی پارٹی کیپس پہنائیں، انہیں شمولیت پر مبارکباد دی اور پارٹی میں خوش آمدید کہا۔ ملاقات کے دوران فنکار برادری کو درپیش مسائل، ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ اور فنکاروں کی فلاح و بہبود سے متعلق مختلف امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے فنکاروں کے معاشرے میں مثبت کردار، ثقافت کے فروغ اور قومی یکجہتی کے لیے ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ فنکار کسی بھی معاشرے کی تہذیبی شناخت اور ثقافتی ورثے کے حقیقی سفیر ہوتے ہیں۔ انہوں نے وفد کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو غور سے سنا اور متعلقہ حکام کو ان کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ فنکار برادری کو درپیش جائز مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ وفد نے فنکار برادری کے مسائل میں خصوصی دلچسپی لینے اور ان کے حل کی یقین دہانی کرانے پر وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 33

لت میں گرفتار کرلیا، جو افغان شہری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 27 جون کو کراچی میں پاکستان رینجرز (سندھ) کے کیمپ پر بھارتی پراکسی جماعت الاحرار کے خوارج نے بزدلانہ دہشت گرد حملہ کیا، حملہ آوروں نے کیمپ کے مرکزی گیٹ پر دھماکے کے بعد حفاظتی حصار کو توڑنے کی کوشش کی۔ رینجرز کے چوکس اور بروقت جواب سے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنادیا گیا اور تین خارجیوں کو ہلاک اور ایک خارجی کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، زخمی خارجی ایک افغان شہری ہے۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران وطن کے تین بہادر سپوت شہید ہوگئے جبکہ 4 اہلکار زخمی ہوئے، علاقے میں کسی بھی دوسرے ہندوستانی اسپانسرڈ خارجی کو ختم کرنے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہیں۔ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے وژن ”عزم استحکام“ کے تحت انسداد دہشت گردی مہم ملک کے تحت غیر ملکی اسپانسرڈ دہشت گردی کے خطرے کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ترجمان کے مطابق پاکستان اپنے جوانوں کی شہادت کا بدلہ لینے کے لیے اس حملے کے مرتکب افراد کے خلاف انتقامی کارروائی کرے گا۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 34

ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امن قائم نہیں ہوگا تو پاکستان کا کیا بچ جائے گا، بات چیت پاکستان کے فریم ورک میں رہتے ہوئے ہی ہوگی، اللہ کرے یہ کوشش بابرکت ہو۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ لوگوں میں اس وقت غصہ ہے جب آپ عوامی مینڈیٹ کا احترام نہیں کرتے، اس چیز سے سب نے فائدہ اٹھایا ہے مسلے کی جڑ کو بھی پڑیں گے اور جو بھی بات چیت ہوگی وہ پاکستان اور آئین کے فریم ورک میں ہوگی۔ قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پتا نہیں پاکستان کو نظر بد لگ گئی یا ہماری اپنی فاقہ مستی کا نتیجہ ہے، پاکستان کا آئین احتجاج کی اجازت دیتا ہے، حکومت اور جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے درمیان خلا پیدا ہوچکا ہے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہمارے سے جو ہوسکا وہ ہم کریں گے، دیکھنا ہوگا کہ کشمیری اس حد تک کیوں پہنچے، ہم سب کو توبہ کرنا چاہیے۔ مصطفی نواز کھوکھر نے کہا کہ حافظ نعیم الرحمان گھمبیر مسئلے کے حل کی تلاش کے لیے آئے ہیں، کشمیر کی صورت حال کی وجہ سے پورا پاکستان پریشان ہے، آزاد کشمیر کے سیاسی عمل کو داغدار کردیا۔ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آج کشمیر میں الیکشن ہوں تو بھی عوام کان پراعتماد ہیں، مہاجرین کی 1 نشستوں کو کشمیر میں حکومت سازی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 35

دکشمیر سردار عبدالقیوم نیازی نے پارلیمانی بورڈ کی سفارشات چیئرمین بیرسٹر گوہر کو ارسال کر دی ہیں۔ پارلیمانی بورڈ نے طویل مشاورت کے بعد 31 حلقوں کے امیدواروں کے ناموں کی منظوری دی، جبکہ دو حلقوں، لچھراٹ اور میرپور سٹی، کے امیدواروں کا فیصلہ تاحال مؤخر رکھا گیا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.........☆ 36

کاری میڈیا کے مطابق پاسدارانِ انقلاب نے اپنے بیان میں کہا کہ اتوار کی صبح مقامی وقت کے مطابق دو سے تین بجے کے درمیان بحریہ اور ایرو اسپیس فورس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کویت میں علی السالم ایئر بیس اور بحرین میں امریکی ففتھ فلیٹ کے ہیڈ کوارٹر پورٹ سلمان کو نشانہ بنایا۔ بیان میں دعویٰ کیا گیا کہ ان حملوں کے دوران امریکی فوج کے آٹھ اہم فوجی انفراسٹرکچر تباہ کیے گئے۔ ایرانی حکام نے اس کارروائی کو امریکا کی حالیہ فوجی کارروائیوں کا ’فیصلہ کن جواب‘ قرار دیا۔ پاسدارانِ انقلاب کے مطابق امریکا نے اتوار کے روز ایران کے پانچ ساحلی مقامات پر حملے کیے تھے جو دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والی 14 نکاتی مفاہمتی یادداشت اور جنگ بندی کی خلاف ورزی ہے۔ ایرانی بیان میں مزید خبردار کیا گیا کہ اگر مستقبل میں امریکا کی جانب سے ایران پر کسی بھی نوعیت کا حملہ کیا گیا تو اس کا بھرپور اور سخت جواب دیا جائے گا، خواہ حملے کی نوعیت یا حجم کچھ بھی ہو۔ دوسری جانب امریکی حکام کی جانب سے ایرانی دعوؤں کی فوری طور پر تصدیق نہیں کی گئی، جبکہ خطے میں کشیدگی کے باعث عالمی برادری صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔

جلالپور بھٹیاں میں مرکزی جلوس عاشورہ عقیدت واحترام سے اختتام پذیر

10 محرم کا مرکزی جلوس امام بارگاہ حسینیہ سے برآمد ہوا، سخت سکیورٹی انتظامات کیے گئے انتظامیہ نے

جلالپور بھٹیاں (چوہدری طاہر محمود ارائیں) 10 محرم الحرام کا مرکزی جلوس امام بارگاہ حسینیہ جلالپور بھٹیاں سے برآمد ہوا، جلوس مختلف روٹس سے ہوتا ہوا حافظ آباد روڈ پر اختتام پذیر ہوا، جلوس کے راستوں میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور مقامی افراد کی جانب سے سبیل اور نیاز امام حسین علیہ السلام کا وسیع انتظام کیا گیا، ڈی سی او حافظ آباد عبدالرزاق، ڈی پی او حافظ آباد فواد احمد، اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں محسن اقبال، ایس ایچ او جلالپور بھٹیاں ماھم زہرہ سمیت تمام انتظامیہ نے سکیورٹی کے اعلیٰ انتظامات کیے، پارلیمانی سیکرٹری و ایم پی اے میاں شاہد حسین بھٹی، عوامی خادم میاں قادر بخش بھٹی، سید تصور عباس نقوی سمیت علاقہ بھر کی معزز شخصیات نے انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ تفصیلات کے مطابق جلالپور بھٹیاں میں 10 محرم الحرام کا مرکزی جلوس مرکزی امام بارگاہ حسینیہ جلالپور سے صبح 8 بجے برآمد ہوا، جلوس مین بازار، قاضیاں والا چوک، ڈیرہ میاں شاہد حسین بھٹی سے ہوتا ہوا حافظ آباد روڈ پر اختتام پذیر ہوا، جلوس کے راستے میں متعدد مقامات پر زنجیر زنی اور ماتم داری کی گئی اور شام غریباں مجلس کا انعقاد کیا گیا، جلوس کے راستوں میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور مقامی افراد کی جانب سے سبیل اور نیاز امام حسین علیہ السلام کا وسیع انتظام کیا گیا، ڈی سی او حافظ آباد عبدالرزاق، ڈی پی او حافظ آباد فواد احمد، اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں محسن اقبال، ایس ایچ او جلالپور بھٹیاں ماھم زہرہ سمیت تمام انتظامیہ نے سکیورٹی کے اعلیٰ انتظامات کیے، پارلیمانی سیکرٹری و ایم پی اے میاں شاہد حسین بھٹی، عوامی خادم میاں قادر بخش بھٹی، سید تصور عباس نقوی سمیت علاقہ بھر کی معزز شخصیات نے انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

میانوالی میں سابق بار صدر ملک مختار تلوکر کی حکومت پر تنقید

عالمی مارکیٹ میں تیل سستا ہونے کے باوجود قیمتیں برقرار رکھنے پر شدید ردعمل اور شدید عوامی ردعمل

میانوالی (امجد ہاشمی) سابق صدر پیپلاں بار معروف اور سینئر قانون دان ملک مختار احمد تلوکر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کی عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں کی کمی کے باوجود آئل کمپنیوں کے دباؤ پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی نہ کرنے کے حکومتی فیصلے پر شدید تنقید۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے عالمی مارکیٹ میں پٹرولیم کی قیمتوں میں گراوٹ کے باوجود عوام کو ریلیف نہیں دیا اور پرانی قیمتیں برقرار رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے یہ جواز پیش کیا کہ تیل کمپنیوں کو خسارہ ہوا ہے اس کو پورا کرنے کے لیے سابقہ قیمتیں برقرار رکھی گئی ہیں اس طرح عوام کو کم از کم سو روپے فی لیٹر مہنگا پٹرول فروخت کیا جا رہا ہے کسی نے پٹرولیم کمپنیوں کو یہ جواب نہیں دیا کہ جب راتوں رات پٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا اور قیمتیں ڈھائی سو روپے سے ساڑھے چار سو روپے فی لٹر کی گئیں تو جو اربوں روپے غریب عوام کی جیبوں سے نکلے اور پٹرولیم کمپنیوں کے اکاؤنٹ میں جا پہنچے تو اس وقت کسی نے نہیں کہا کہ یہ ناجائز منافع عوام کو واپس کرنا چاہیے حالانکہ اس وقت حکومت کے پاس تین ماہ کے ذخائر موجود تھے یہ ملک اب مکمل مافیاز کے قبضے میں ہے شوگر مافیا، آئی پی پیز اور پٹرولیم مافیا نے ملک کو تباہی کے دہانے جا پہنچایا ھے یہ مافیاز سیاست دانوں اور حکمرانوں کے فرنٹ مین ہیں ان کے ذریعے حکمران کاروبار اور لوٹ مار کرتے ہیں پچھلے دنوں پاکستان کی قومی ایئر لائن کوڑیوں کے دام بیچ دی گئی جیسے فروخت ھوئی جہازوں میں استعمال ھونے والا جیٹ فیول سستا کر دیا گیا اس وقت اس کی قیمت پٹرول اور ڈیزل سے کم ہے موجودہ بجٹ میں پی آئی اے کو درآمدی سامان پر پانچ سال کی چھوٹ بھی دی گئی ھے اب پی آئی اے پر خصوصی کرم اس لیے ہے کہ یہ قوم کی ملکیت نہیں رہی ھے پرائیویٹ ایئر لائن ہے اب عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال کر مافیا کی تجوریاں بھری جائیں گی موجودہ حکومت کے طرز عمل سے واضع ھے کہ ن لیگ اپنی آخری اننگز کھیل رہی ہے اس آخری اننگز میں ن لیگ نے عوام دشمن پالیسیوں کے ذریعے جو نفرت اکٹھی کی ہے اس کے بعد یہ عوام میں جانے کے قابل نہیں رہی ھے شہباز حکومت نے اپنا پانچواں بجٹ پیش کیا ہے جو کرپشن کا گورکھ دھندا ہے عوام کے لیے کچھ بھی نہیں ھے جو اس کو لائے تھے وہ بھی سمجھ رہے ہیں

کہ یہ حکومت ان کے کام کی نہیں رہی عنقریب اس سے جان چھڑانے کے طریقے سوچے جائیں گے جس حکومت کی عوام میں جڑیں نہ ہوں اس سے جان چھڑانا کوئی مشکل کام نہیں ھوتا پھر مقتدر حلقوں کے پاس ان کی وڈیوز بھی توھوں گی جو بوقت ضرورت کام آسکتی ہیں آجکل بلاول بھٹو کی اچھی تقریریں سننے کو مل رہی ہیں گلگت بلتستان میں ان کو الیکشن بھی جتوایا گیا ہے اور کشمیر بھی اس کے حوالے کیا جا رہا ہے شاید اگلی بارات کا دلہا بھی وہی ھے شاید ہمارے نصیب میں یہی نمونے لکھے گئے پتہ نہیں کب کوئی دیانتدار اور اہل حکمران ملے گا اور پاکستان ایک فلاحی وجمہوری ریاست بنے گا

خانیوال میں دسویں محرم کا مرکزی جلوس پُرامن طور پر اختتام پذیر

عزاداران کو سبیل سکیورٹی طبی سہولیات اور انتظامیہ کی نگرانی میں بہترین انتظامات فراہم کیے گئے تھے جاری

خانیوال (شاہ احمد قریشی) دسویں محرم الحرام کا مرکزی ماتمی جلوس پُرامن ماحول میں اپنے روایتی راستوں سے ہوتا ہوا اختتام پذیر ہوگیا۔ یوم عاشور کا مرکزی جلوس امام بارگاہ 11 بلاک سے برآمد ہوا، جہاں ڈپٹی کمشنر خانیوال ملیحہ رشید کی زیرِ نگرانی عزادارانِ کرام کے لیے جامع اور مؤثر انتظامات کیے گئے تھے۔ جلوس کے دوران شرکاء کے لیے سبیلوں پر ٹھنڈے پانی اور شربت کی وافر فراہمی کو یقینی بنایا گیا، جبکہ ستھرا پنجاب ※ پروگرام اور واسا کی جانب سے عزاداروں پر عرقِ گلاب ملے پانی کا سپرے بھی کیا جاتا رہا جس سے شرکاء کو شدید گرمی میں بڑی سہولت میسر آئی۔ جلوس کے روٹ پر عزاداران کی سہولت کے لیے پورٹیبل واش رومز بھی نصب کیے گئے تھے۔ دورانِ جلوس ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، میپکو، سوئی گیس اور دیگر متعلقہ محکموں کا عملہ فیلڈ میں پوری طرح متحرک رہا۔ عزاداروں کو فوری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے محکمہ صحت کے فیلڈ ہسپتال اور کلینک آن ویل ※ نے فرائض سرانجام دیے، جبکہ ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز جلوس کے ہمراہ رہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہائی الرٹ رہیں۔ ڈپٹی کمشنر ملیحہ رشید کے مطابق مرکزی و

تحصیل سطح پر قائم کنٹرول رومز سے جلوسوں اور مجالس کی مسلسل مانیٹرنگ کی گئی اور تمام متعلقہ محکموں نے جلوس کے پرامن اختتام تک اپنی ذمہ داریاں تندہی سے نبھائیں۔

عدیل رزکی پاکستان فٹبال کے پہلے ٹیکنیکل ڈائریکٹر مقرر

پی ایف ایف نے تکنیکی ترقی کی ذمہ داری عدیل رزکی کے سپرد کر دی



اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان فٹبال فیڈریشن پی ایف ایف نے عدیل رزکی کو یکم جولائی 2026 سے فیڈریشن کا پہلا ٹیکنیکل ڈائریکٹر مقرر کر دیا ہے عدیل رزکی اس سے قبل پاکستان ویمنز نیشنل فٹبال ٹیم کے ہیڈ کوچ اور حال ہی میں پاکستان مینز نیشنل ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ رہ چکے ہیں وہ یوئیفا اے لائسنس ہولڈر ہیں اور ملک میں فٹبال کی تکنیکی ترقی کوچز کی تربیت گراس روٹس ویمنز اور یوتھ فٹبال کے فروغ کے لیے قومی پروگرام کی قیادت کریں گے پی ایف ایف کے صدر سید محسن گیلانی نے اس تقرری کو پاکستان میں فٹبال کی ترقی کی جانب اہم قدم قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس سے ملک میں فٹبال کے فروغ کو نئی سمت ملے گی عدیل رزکی نے اس اعتماد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے پاکستان میں جدید اور مضبوط فٹبال نظام کی تشکیل کے عزم کا اظہار کیا

کم وسائل کے باوجود ترقیاتی منصوبے جاری رہیں گے شرجیل میمن

سندھ حکومت عوامی سہولیات، سڑکوں اور الیکٹرک بس منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہی ہے

حیدرآباد (پی پی اے) سندھ کے سینئر وزیر اطلاعات ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ محدود مالی وسائل کے باوجود سندھ حکومت عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کو جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے جبکہ صوبے بھر میں عوامی سہولیات کے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے حیدرآباد میں راول ہاؤس پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شرجیل انعام میمن نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ میں کسی قسم کی کٹوتی نہیں ہوئی تاہم مجموعی طور پر تمام صوبوں کو کم وسائل مل رہے ہیں، جس کے باعث ترقیاتی بجٹ متاثر ہوگا انہوں نے کہا کہ کراچی سے سکھر تک موٹر وے کی عدم موجودگی ایک اہم مسئلہ ہے اور امید ظاہر کی کہ وفاقی حکومت حیدرآباد سکھر موٹر وے منصوبے پر جلد عملی کام شروع کرے گی شرجیل انعام میمن نے بتایا کہ سندھ حکومت عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اب تک صوبے میں تقریباً تین ہزار کلومیٹر سڑکیں تعمیر کی جا چکی ہیں جبکہ شہری ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے 500 الیکٹرک اور ڈبل ڈیکر بسیں بھی متعارف کرائی جا رہی ہیں صوبائی وزیر نے سندھ حکومت میں تبدیلی سے متعلق گردش کرنے والی خبروں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان افواہوں میں کوئی صداقت نہیں انہوں نے مزید کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کے لیے پولیس رینجرز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مکمل طور پر الرٹ ہیں اور سکیورٹی کے مؤثر انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ عزاداروں کو ہر ممکن محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے

ایس ایم ایز ملکی معیشت کی مضبوطی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں

حکومت ایس ایم ای سیکٹر کے فروغ، آسان قرضوں اور کاروباری سہولتوں کے لیے پُرعزم، ہارون اختر

اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز نے سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے اشتراک سے ورلڈ ایم ایس ایم ای ڈے 2026 کے موقع پر ایس ایم ای نیٹ ورکنگ سیشن کا انعقاد کیا تقریب کی صدارت صدر چیمبر محمد اویس ستی نے کی جبکہ وزیراعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان مہمانِ خصوصی تھے ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی کا انحصار ایس ایم ای سیکٹر کو مضبوط بنانے پر ہے انہوں نے بتایا کہ ملک میں تقریباً 70 لاکھ ایس ایم ایز قومی جی ڈی پی میں 40 فیصد برآمدات میں 30 فیصد حصہ ڈالتی ہیں اور غیر زرعی شعبے کے 80 فیصد افراد کو روزگار فراہم کرتی ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت ایس ایم ایز کے فروغ کے لیے 30 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں آسان قرضوں ٹیکس اصلاحات صنعتی اراضی کاروباری سہولتوں اور ڈیجیٹل تجارت کے فروغ پر کام کر رہی ہے ان کے مطابق سمیڈا کاروبار کی رجسٹریشن مالی سہولیات اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے صدر اسلام آباد چیمبر محمد اویس ستی نے کہا کہ ایس ایم ایز ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں انہوں نے شرح سود میں کمی سستی توانائی کاروبار میں آسانیاں مالی سہولیات اور دستاویزی نظام کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیتے ہوئے سمیڈا کے کردار کو سراہا

راولپنڈی جامعہ مسجد دوبیرن کلاں کے خطیب علامہ شبیر چشتی انتقال کر گئے

خطیب علامہ شبیر حسین چشتی 35 سال سے دوبیرن کلاں میں خطابت کرتے رہے، انتقال ہوگیا

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) مرکزی جامعہ مسجد دوبیرن کلاں کے خطیب علامہ شبیر حسین چشتی انتقال کر گئے ان کا تعلق چکوال سے تھا یہ گزشتہ 35 برس سے دوبیرن کلاں کی مسجد میں خطابت کے فرائض سرانجام دے رہے تھے انہوں نے یوم عاشور آخری خطاب کیا جس کے بعد وہ معدے کے السر کے باعث چل بسے ان کی نماز جنازہ دوبیرن کلاں میں ادا کی گئی جس میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی جس کے بعد انہیں چکوال کے گاؤں کھائڑک میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

عیسیٰ خیل میں عاشورہ جلوس پُرامن اختتام پذیر، انتظامات کو سراہا گیا

امام حسینؓ کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے جلوس میں مثالی نظم وضبط اور سکیورٹی ر

عیسیٰ خیل (عامر ہاشمی) نواسۂ رسول حضرت امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے عاشورہ محرم کا مرکزی جلوس امام بارگاہ قائم شاہ، محلہ عیسب خیل سے مقررہ وقت پر برآمد ہوا۔ جلوس اپنے روایتی اور مقررہ راستوں سے گزرتا ہوا امام بارگاہ کوثر عباس شاہ، محلہ شاہ عیسیٰ خیل میں پُرامن طور پر اختتام پذیر ہوا۔ جلوس کے تمام راستوں پر عزادارانِ حسینؓ انتہائی عقیدت، احترام اور نظم وضبط کے ساتھ نوحہ خوانی اور ماتم داری کرتے رہے۔ پورے شہر میں غمِ حسینؓ کی فضا، امن، بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کا دلکش منظر پیش کرتی رہی، جسے شہری حلقوں نے مثالی قرار دیا۔ حکومتِ پنجاب اور مقامی انتظامیہ کی جانب سے جلوس کے شرکاء کی سہولت کے لیے غیر معمولی انتظامات کیے گئے۔ جلوس کے راستوں پر مسلسل پانی کا چھڑکاؤ کیا گیا جبکہ عزاداران پر عرقِ گلاب کا سپرے بھی کیا جاتا رہا، جس سے گرمی کے باوجود شرکاء کو خاطر خواہ سہولت میسر آئی۔ سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کے ساتھ محکمۂ صحت، ستھرا پنجاب، میونسپل کمیٹی عیسیٰ خیل اور فیسکو عیسیٰ خیل کی ٹیمیں بھی مسلسل میدانِ عمل میں رہیں اور اپنی ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے انجام دیتی رہیں۔ جلوس کے راستوں پر اہلِ علاقہ اور حکومتِ پنجاب کے تعاون سے ٹھنڈے پانی اور شربت کی متعدد سبیلیں قائم کی گئی تھیں، جہاں ہزاروں عزاداران کی تواضع کا سلسلہ دن بھر جاری رہا۔ عاشورہ کے موقع پر انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں، رضاکاروں اور اہلِ علاقہ نے جس باہمی تعاون، تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا، اس نے عیسیٰ خیل میں مذہبی رواداری اور بین المسالک یکجہتی کی ایک خوبصورت مثال قائم کر دی۔ سنی اور شیعہ مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے باہمی احترام، اخوت اور اتحاد کے جذبے کے ساتھ عزاداری کے انتظامات میں بھرپور کردار ادا کیا، جسے حاضرین نے بے حد سراہا۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ، تمام متعلقہ محکموں، رضاکاروں اور دونوں مکاتبِ فکر کے ذمہ داران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ محبت، امن، اتحاد اور باہمی احترام کی یہ روایت آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ قائم ودائم رہے گی۔

مری میں یوم عاشورہ پر ریسکیو 1122 کا جامع ایمرجنسی پلان نافذ

ورکوٹلی ستیاں میں 250 سے زائد ریسکیورز نے خدمات انجام دیں، بروقت امداد فراہم کی

مری (سہیل ہاشمی) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارۂ امتیاز) کی خصوصی ہدایات پر یومِ عاشورہ (10 محرم الحرام) کے موقع پر ریسکیو 1122 مری نے ضلع مری اور تحصیل کوٹلی ستیاں میں جامع ایمرجنسی کور پلان نافذ کیا، جس کے تحت عزاداران، مجالس اور جلوسوں کو بروقت اور مؤثر ایمرجنسی سروسز فراہم کی گئیں۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر کامران رشید کی زیرِ نگرانی 250 سے زائد ریسکیورز اور رضاکاروں نے مختلف جلوسوں، مجالس اور حساس مقامات پر اپنے فرائض تندہی سے سرانجام دیے۔ ایمرجنسی کور پلان کے تحت 17 ایمبولینسز، 7 فائر وہیکلز، 2 ریسکیو وہیکلز اور 30 ریسکیو موٹر بائیکس فیلڈ میں متحرک رہیں، جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے 12 خصوصی ریسکیو پوسٹیں بھی قائم کی گئی تھیں۔ ریسکیو 1122 کی جانب سے ضلع مری اور تحصیل کوٹلی ستیاں کے تمام اہم جلوسوں اور مجالس کے مقامات پر ریسکیو وسائل کی پیشگی تعیناتی عمل میں لائی گئی تھی۔ اس دوران ریسکیو افسران اور اسٹیشن انچارجز، امامیہ اسکاؤٹس، ضلعی انتظامیہ، پولیس اور محکمہ صحت سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے شانہ بشانہ فیلڈ میں موجود رہے تاکہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری کارروائی کو یقینی بنایا جا سکے۔ ریسکیو حکام کے مطابق تمام گاڑیوں، مواصلاتی نظام، طبی سامان، ادویات اور حفاظتی آلات کو مکمل طور پر فعال رکھا گیا تھا، جبکہ تمام ریسکیورز نے دورانِ ڈیوٹی مکمل حفاظتی سامان کے ساتھ الرٹ رہ کر فرائض انجام دیے۔ ریسکیو 1122 کا مرکزی کنٹرول روم چوبیس گھنٹے فعال رہا جس کے ذریعے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور محکمہ صحت کے ساتھ مسلسل رابطہ برقرار رکھا گیا تاکہ یومِ عاشورہ کے تمام پروگرام پرامن اور خیر وعافیت سے اختتام پذیر ہو سکیں۔

ورلڈ کپ: پاکستان ویمنز ٹیم کی پہلی فتح نیدرلینڈز کو 37 رنز سے شکست

گل فروزہ کی ناقابلِ شکست نصف سنچری فاطمہ ثنا اور عائشہ ظفر کی شاندار بولنگ

اسلام آباد (پی پی اے) آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان ویمنز ٹیم نے ایونٹ کی پہلی کامیابی حاصل کرتے ہوئے اپنے آخری میچ میں نیدرلینڈز کو 37 رنز سے شکست دے دی پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 6 وکٹوں کے نقصان پر 126 رنز بنائے گل فروزہ نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 63 رنز کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلی جبکہ عائشہ ظفر نے 32 رنز اسکور کیے 127 رنز کے ہدف کے تعاقب میں نیدرلینڈز کی پوری ٹیم 18 اوورز میں 89 رنز پر آؤٹ ہوگئی پاکستان کی جانب سے فاطمہ ثنا اور عائشہ ظفر نے تین تین وکٹیں حاصل کیں مسلسل چار شکستوں کے بعد یہ پاکستان ویمنز ٹیم کی ٹورنامنٹ میں پہلی کامیابی

اسلام آباد پولیس کے 11 محرم پر فول پروف سکیورٹی انتظامات مکمل

بری امام اور شاہ اللہ دتہ جلوس، 2500 اہلکار تعینات، ٹریفک بھی رواں رہی

اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد پولیس کا 11 محرم الحرام کو بری امام اور شاہ اللہ دتہ میں منعقدہ جلوسوں پر بہترین سکیورٹی انتظامات 2500 سے زائد افسران و جوانوں نے سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیئے جلوسوں کے روٹس کو سیف سٹی اور موبائل کنٹرول روم سے مانیٹر کیا گیا جبکہ شہریوں کی آمدورفت کیلئے متبادل راستے مہیا کئے گئے تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد، سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے 11 محرم الحرام کو بری امام اور شاہ اللہ دتہ میں منعقد ہونے والے جلوسوں کے لیے بہترین سکیورٹی انتظامات کیے اور ٹریفک کے مربوط نظام کو مؤثر انداز میں برقرار رکھا۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے 2500 سے زائد افسران و جوانوں نے سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیے جبکہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے افسران نے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا ایس ایس پی سکیورٹی آپریشنز سلمان ظفر زونل ایس پیز اور دیگر پولیس افسران کے ہمراہ تمام سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر متحرک ہے محرم الحرام کے دوران بین المسالک ہم آہنگی مذہبی رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے ویژن کے مطابق محرم الحرام کے دوران پرامن ماحول اور فول پروف سکیورٹی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کے دوران الرٹ رہتے ہوئے تمام سکیورٹی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے وفاقی دارالحکومت میں 11 محرم الحرام کو منعقد ہونے والے جلوسوں کو کثیر سطحی سکیورٹی فراہم کی گئی جلوس کے روٹس پر عمارتوں کی چھتوں پر سنائپر کمانڈوز تعینات کیے گئے جبکہ جلوس کے علاقوں میں نجی ڈرونز اڑانے پر پابندی عائد کی گئی تھی جلوس کے آگے اور پیچھے اسلام آباد پولیس کے اسپیشلائزڈ یونٹس بشمول سوات کمانڈوز ڈیلٹا فورس ریڈ زون کمانڈوز اے پی سی یونٹس سی ٹی ڈی ضلعی پولیس اور رینجرز کے خصوصی دستے تعینات تھے خواتین کی چیکنگ کے لیے لیڈیز پولیس اہلکاروں اور خواتین رضاکاروں کو تعینات کیا گیا تھا اسی طرح جلوس میں پیدل داخلے کے لیے خصوصی راستے مختص کیے گئے تھے جہاں پولیس کی بھاری نفری تعینات تھی مؤثر چیکنگ کے لیے جلوس کے داخلی راستوں پر خصوصی اسکینرز نصب کیے گئے تھے جبکہ مقررہ راستوں اور مکمل چیکنگ کے بغیر کسی بھی شخص کو داخلے کی اجازت نہیں دی گئی جلوسوں کے دوران ٹریفک کی روانی کو بھی مؤثر انداز میں برقرار رکھا گیا تاکہ شہریوں کو دورانِ سفر کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے اس سلسلے میں ٹریفک پولیس کے مؤثر انتظامات کے باعث وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کا نظام بحال اور رواں رہا ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے متبادل ٹریفک پلان بھی جاری کیا گیا تھا جبکہ جلوس کے روٹس کے اطراف گاڑیوں کی پارکنگ کی ہرگز اجازت نہیں دی گئی ڈی آئی جی اسلام آباد نے اسلام آباد پولیس رینجرز ضلعی انتظامیہ امن کمیٹیوں منتظمین مجالس و جلوس اور شہریوں کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ اجتماعی کاوشوں کے نتیجے میں وفاقی دارالحکومت میں مثالی امن وامان برقرار رکھا گیا

گوجرخان میں قومی شاہراہ پر قیمتی لکڑی سے بھرا ٹرک پکڑا گیا

فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ نے خیبر پختونخوا کے جنگلات سے مبینہ چوری شدہ لکڑی کی اسمگلنگ ناکام بنا دی ہے

گوجرخان (مرزا زریاب طاہر) فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے ایک اہم کارروائی کے دوران خیبر پختونخوا کے سرکاری جنگلات سے مبینہ طور پر چوری کی گئی قیمتی لکڑی سے بھرے ٹرک کو قومی شاہراہ پر پکڑ لیا۔ کارروائی ڈویژنل فاریسٹ آفیسر (DFO) ساوتھ اور ان کی ٹیم کی نگرانی میں عمل میں آئی، جسے محکمہ جنگلات کی ایک بڑی کامیابی قرار دیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹرک میں بڑی مقدار میں قیمتی لکڑی موجود تھی جسے مبینہ طور پر غیر قانونی طور پر کاٹ کر پنجاب منتقل کیا جا رہا تھا۔ فاریسٹ حکام نے ٹرک کو تحویل میں لے کر مزید قانونی کارروائی شروع کر دی ہے جبکہ لکڑی کے ماخذ اور اس غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کی نشاندہی کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ اس کامیاب کارروائی کے باوجود ایک اہم سوال بھی جنم لے رہا ہے کہ مانسہرہ سے قومی شاہراہ کے ذریعے سفر کرنے والا یہ ٹرک متعدد وفاقی وصوبائی اداروں کی چیک پوسٹوں اور سیف سٹی کے درجنوں کیمروں سے گزرتے ہوئے گوجرخان تک کیسے پہنچ گیا؟ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر راستے میں موجود نگرانی کے نظام مؤثر ہوتے تو ممکنہ طور پر یہ ٹرک پہلے ہی پکڑا جا سکتا تھا۔ شہریوں نے فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ کی کارروائی کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور غیر قانونی لکڑی کے کاروبار میں ملوث تمام عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ جنگلات کے قومی اثاثے کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

گوجرخان نوجوان فائرنگ سے جاں بحق، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

19 سالہ محمد علی کو مبینہ فائرنگ سے قتل کیا گیا، اہلخانہ انصاف اور فوری گرفتاری کا مطالبہ کر رہے ہیں

گوجر خان (مرزا زریاب طاہر) نواحی گاؤں نگائیل عمر خان موہڑہ متیال کے رہائشی 19 سالہ نوجوان چوہدری محمد علی کو مبینہ طور پر ان کے دوست گھر سے بلا کر اپنے ساتھ لے گئے، جہاں فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا گیا۔ محمد علی کو فوری طور پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویشناک حالت کے باعث راولپنڈی ریفر کر دیا گیا، تاہم وہ دورانِ علاج جانبر نہ ہو سکے اور جاں بحق ہو گئے۔ اہل خانہ کے مطابق دو نوجوان محمد علی کو گھر سے اپنے ساتھ لے گئے تھے۔ ڈھوک چوہان کے قریب مبینہ طور پر ان کے درمیان بات چیت ہوئی، جس کے بعد محمد علی کو گولی مار دی گئی۔ واقعے کے بعد میت کو قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اہل خانہ کا دعویٰ ہے کہ واقعے کے بعد ایک ٹک ٹاک اکاؤنٹ پر مبینہ طور پر ایک ویڈیو بھی شیئر کی گئی، جس میں ایک نوجوان واقعے کی ذمہ داری قبول کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے دھمکی آمیز گفتگو کرتا دکھائی دیتا ہے، تاہم اس ویڈیو کی تاحال آزادانہ یا سرکاری سطح پر تصدیق نہیں ہو سکی۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں، جبکہ اہل خانہ نے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث تمام افراد کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور مبینہ ویڈیو کی فرانزک جانچ بھی کرائی جائے۔

کوٹلی ستیاں میں یوم عاشور پر انتظامات مکمل، امن وصفائی یقینی

ڈپٹی کمشنر مری کی ہدایت پر انتظامیہ، پولیس اور ستھرا پنجاب ٹیموں نے مؤثر انتظامات کیے گئے تھے

کوٹلی ستیاں (خصوصی رپورٹ: سہیل ہاشمی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباسی شیرازی کی خصوصی ہدایات اور اسسٹنٹ کمشنر کوٹلی ستیاں تیمور عادل کی زیرِ نگرانی دسویں محرم الحرام کے موقع پر تحصیل کوٹلی ستیاں کی تمام یونین کونسلوں میں انتظامات کو مؤثر اور جامع انداز میں یقینی بنایا گیا۔ یومِ عاشور کے موقع پر ستھرا پنجاب ※ پروگرام کی ٹیموں نے ماتمی جلوسوں اور مجالس کے راستوں سمیت مختلف اہم مقامات پر صفائی ستھرائی کے فرائض بھرپور طریقے سے انجام دیے، جس کی بدولت عزاداران کو صاف ستھرا اور محفوظ ماحول میسر آیا۔ دوسری جانب مری پولیس سمیت تمام متعلقہ محکموں نے بھی اپنی اپنی ذمہ داریاں انتہائی مستعدی سے سرانجام دیں۔ سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، صفائی اور دیگر انتظامی امور پر مسلسل کڑی نظر رکھی گئی، جس کے نتیجے میں محرم الحرام کے تمام پروگرام پرامن اور خوش اسلوبی سے اختتام پذیر ہوئے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق محرم الحرام کے دوران عوام کی جان و مال کے تحفظ، امن و امان کے قیام اور عزاداران کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گئے، جبکہ متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر ترین رابطہ بھی برقرار رکھا گیا۔

سلیمہ امتیاز کا ویمنز ورلڈ کپ میں تاریخی اعزاز

آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں امپائرنگ کرنے والی پہلی پاکستانی خاتون بن گئیں

لاہور (پی پی اے) پاکستانی امپائر سلیمہ امتیاز نے ایک اور تاریخی اعزاز اپنے نام کر لیا ہے وہ آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں امپائرنگ کرنے والی پہلی پاکستانی خاتون بن گئی ہیں انگلینڈ میں جاری ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے دوران سلیمہ امتیاز اب تک چار میچز میں ذمہ داریاں انجام دے چکی ہیں جن میں دو بار میدانی امپائر ایک بار ویڈیو امپائر اور ایک بار چوتھی امپائر کے فرائض شامل ہیں وہ ہفتے کو دی اوول میں انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے درمیان میچ میں ویڈیو امپائر جبکہ اتوار کو لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں بھارت اور آسٹریلیا کے مقابلے میں چوتھی امپائر کی ذمہ داریاں انجام دیں گی یاد رہے کہ سلیمہ امتیاز ستمبر 2024 میں انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے بین الاقوامی ترقیاتی امپائرز پینل میں شامل ہونے والی پہلی پاکستانی خاتون بھی بنی تھیں اس موقع پر سلیمہ امتیاز کا کہنا تھا آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں بطور امپائر اپنی پہلی ذمہ داری ادا کرنا میرے اور پاکستان دونوں کے لیے بہت بڑے اعزاز کی بات ہے

پرو لیگ میں پاکستان کی آخری میچ میں بھی شکست

کپتان عماد شکیل بٹ کی قوم سے معذرت ہاکی کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کا مطالبہ



لندن (پی پی اے) ایف آئی ایچ ہاکی پرو لیگ میں پاکستان ہاکی ٹیم کا مایوس کن سفر اختتام کو پہنچ گیا جہاں قومی ٹیم اپنے آخری میچ میں بھی انگلینڈ کے خلاف کامیابی حاصل نہ کر سکی اور 0-7 سے شکست کھا گئی ٹورنامنٹ کے اختتام پر پاکستان ہاکی ٹیم کے کپتان عماد شکیل بٹ نے سوشل میڈیا پر جاری اپنے تفصیلی پیغام میں شکست پر پوری قوم سے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ نتائج یقیناً مایوس کن رہے تاہم ٹیم نے اپنی بھرپور صلاحیت کے مطابق بہترین کھیل پیش کرنے کی کوشش کی انہوں نے کہا کہ شکست کا بوجھ کسی بھی کھلاڑی کے لیے آسان نہیں ہوتا لیکن وہ اور ان کی ٹیم پوری لگن کے ساتھ میدان میں اترے ان کا کہنا تھا کہ محدود وسائل کے باوجود کھلاڑیوں نے اپنی ذمہ داری نبھانے کی بھرپور کوشش کی عماد بٹ نے کہا کہ اگر پاکستان کو دنیا کی بہترین ٹیموں کا مقابلہ کرنا ہے تو کھلاڑیوں کی صلاحیتوں میں مزید نکھار لانا ہوگا جس کے لیے پاکستان ہاکی فیڈریشن اور حکومت کو بھی اپنا مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے زور دیا کہ اب صرف ردعمل نہیں بلکہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے قومی کپتان نے کہا کہ انہیں سب سے زیادہ تنقید کا سامنا کرنا پڑا لیکن وہ ہار ماننے والے نہیں ہیں اور کھلاڑیوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے انہوں نے مزید کہا کہ دنیا کی بڑی ٹیمیں اپنے کھلاڑیوں کو طویل المدتی منصوبہ بندی اور جدید تربیتی نظام کے تحت تیار کرتی ہیں جبکہ پاکستان میں اکثر بڑے ٹورنامنٹس سے عین قبل تربیتی کیمپ لگائے جاتے ہیں ان کے مطابق یہ شکایت نہیں بلکہ پاکستانی ہاکی اور کھلاڑیوں کی بہتری کے لیے ایک مخلصانہ مطالبہ ہے

پاکستان عوامی قوت کی شعبہ خواتین نے عوامی رابطہ مہم شروع کر دی

خاقان وحید خواجہ کی ہدایت پر شعبہ خواتین کی ڈور ٹو ڈور عوامی رابطہ مہم، خواتین کا بھرپور استقبال

اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان عوامی قوت پارٹی کی شعبہ خواتین نے پارٹی سربراہ خاقان وحید خواجہ کی ہدایت پر عوامی رابطہ مہم کا آغاز کر دیا اس سلسلے میں حلقہ این اے-48- یونین کونسل کرپا کے گاؤں ڈھوک مٹالہ میں خواتین کی ایک بڑی کارنر میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مقامی خواتین نے بھرپور شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی صدر شعبہ خواتین سیدہ فردوس نے خاقان وحید خواجہ کے وژن پارٹی منشور اور راول فاؤنڈیشن کی عوامی خدمات پر روشنی ڈالی انہوں نے کہا کہ شعبہ خواتین گھر گھر جا کر عوام بالخصوص خواتین سے رابطے کرے گا اور انہیں پارٹی کے منشور سے آگاہ کرے گا بعد ازاں پارٹی وفد نے مرحوم صوبیدار مظہر حسین کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور گیارہویں شریف کی دعا میں شرکت کی درباری محلہ میں راجہ ساجد۔ راجہ قاصد اور راجہ خلیل کی رہائش گاہ پر منعقدہ دعائیہ تقریب میں بھی وفد شریک ہوا اس موقع پر راجہ عدیب اور تنویر احمد خان بھی موجود تھے۔ مقامی خواتین نے پارٹی وفد کا پرتپاک استقبال کیا اور عوامی رابطہ مہم کو سراہا

پاکستان عوامی قوت کی شعبہ خواتین نے عوامی رابطہ مہم شروع کر دی

خاقان وحید خواجہ کی ہدایت پر شعبہ خواتین کی ڈور ٹو ڈور عوامی رابطہ مہم، خواتین کا بھرپور استقبال

اسلام آباد (پی پی اے) زرداری ہاؤس میں پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے پارلیمانی بورڈ کا اہم اجلاس چیئرپرسن فریال تالپور کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات 2026ء کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز مکمل کرنے کے بعد پارٹی ٹکٹ جاری کرنے کی منظوری دی گئی اجلاس میں سیکرٹری جنرل نیئر حسین بخاری سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف ہمایوں خان، نثار کھوڑو۔ سید محمد علی شاہ باچا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور صدر پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چوہدری محمد یاسین اور دیگر مرکزی و علاقائی رہنما شریک ہوئے۔ پارلیمانی بورڈ نے آزاد کشمیر اور مہاجرین جموں و کشمیر کے تمام انتخابی حلقوں سے موصولہ ہونے والی 106 درخواستوں پر غور کیا اور امیدواروں کے انٹرویوز مکمل کیے بورڈ کی سفارشات کی روشنی میں امیدواروں کو باقاعدہ پارٹی ٹکٹ جاری کر دیے گئے پاکستان پیپلز پارٹی نے میرپور بھمبر کوٹلی باغ سدھنوتی۔ پونچھ نیلم مظفرآباد جموں اور ویلی سمیت مختلف حلقوں کے لیے اپنے امیدواروں کا اعلان کر دیا ہے پارٹی نے میرپور سے افسر شاہد قاسم مجید یاسر سلطان اور چوہدری صہیب ارشد جبکہ بھمبر سے چوہدری پرویز اشرف کو امیدوار نامزد کیا ہے اسی طرح کوٹلی سے ملک ظفر جاوید اقبال بھڈھانوی چوہدری محمد یاسین اور چوہدری اخلاق باغ سے سردار قمر زمان اور فیصل ممتاز راٹھور سدھنوتی و پونچھ سے سردار امجد یوسف۔ سردار سعود صادق سردار یعقوب سردار محمد عابد خان اور سردار فہیم اختر ربانی کو ٹکٹ جاری کیے گئے ہیں مظفرآباد نیلم جموں اور مہاجرین کے مختلف حلقوں کے لیے بھی پارٹی نے اپنے امیدواروں کا اعلان کر دیا ہے پیپلز پارٹی کا کہنا ہے کہ نامزد امیدوار بھرپور انتخابی مہم چلائیں گے اور آئندہ انتخابات میں کامیابی حاصل کر کے عوامی خدمت کا سفر جاری رکھیں گے

ایڈیٹر، پبلشر خالد اطہر نے ماریہ پرنٹرز 122، ہمک انڈسٹریل ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر نمبر 6، سٹریٹ 39، جی سکس ٹو اسلام آباد سے شائع کیا۔ پرنٹر، انور جاوید چیمہ اور محمد شاہد جاوید چیمہ مینیجنگ ایڈیٹر نوید احمد خان: فون نمبر 051-6148596